★ حق کی آواز، عوامی ترجمان ★

E PAPER DAILY VOICE OF ASIA LAHORE

روزنامہ

وائس آف ایشیا

چیف ایڈیٹر ذیشان جمیل بھٹی

بانی: محمد جمیل بھٹی (مرحوم)

چیف ایگزیکٹو: محمد طفیل ٹیپو

ڈپٹی ایڈیٹر تجمل عباس بھٹی

ڈپٹی نیوز ایڈیٹر ارشاد احمد شاد

جلد نمبر 01 | منگل 20 اکتوبر 2026ء، 06 کاتک، 08 جمادی الاول 1448ء، صفحات 4 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 225

حرمین کا تحفظ اولین ترجیح ہے، پاک فوج

کسی جارحیت پر مکہ الائنس کا اجتماعی ڈیٹرنس حرکت میں آئیگا

سعودی عرب کی خودمختاری اور حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کے لیے سرخ لکیر کی حیثیت رکھتا ہے، مشرق وسطیٰ میں جاری تنازع کو مزید پھیلانے سے گریز ضروری ہے، مسائل کا حل صرف مذاکرات میں ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر

مکہ الائنس کا کوئی جارحانہ ارادہ نہیں ہے، تاہم یہ اتحاد خطے میں امن اور سلامتی کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیے کا یہ اشتراک کسی مخصوص ملک کے خلاف نہیں بلکہ خطے میں پائیدار استحکام اور خوشحالی کے لیے قائم کیا گیا ہے

راولپنڈی (وائس آف ایشیا) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ حرمین شریفین کا تحفظ اولین ترجیح ہے، کسی بھی جارحیت کی صورت میں مکہ الائنس کا اجتماعی ڈیٹرنس حرکت میں آئے گا۔ عرب ٹی وی کو دیے گئے انٹرویو میں انہوں نے واضح کیا کہ مشرق وسطیٰ کے جاری تنازع میں مذاکرات کی ناکامی یا کسی فوجی محاذ آرائی کی صورت میں مکہ الائنس کا اجتماعی ڈیٹرنس فعال ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ 3 ممالک کی بصیرت کا نتیجہ ہے جو بہت مختصر وقت میں تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ سعودی عرب کی خودمختاری اور حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کے لیے سرخ لکیر کی حیثیت رکھتا ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا تھا کہ حرمین شریفین کے تقدس پر کسی قسم کا سمجھوتا ممکن نہیں۔ اس حوالے سے پاکستانی سیاسی وعسکری قیادت کا موقف دوٹوک ہے۔ مقدس مقامات پر کسی بھی جارحیت کی صورت میں عوام اور ریاست میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے، لہٰذا تنازع کو مزید وسعت دینے سے کسی کو فائدہ نہیں ہوگا۔ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ مکہ الائنس کا کوئی

باقی صفحہ 3 بقیہ 17

پاکستان میں نئے تعینات ہونے والے سعودی سفیر کی فیلڈ مارشل سے ملاقات

سعودی سفیر نے جی ایچ کیو میں ملاقات کی جس میں علاقائی سلامتی کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا



اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں نئے تعینات ہونے والے سعودی عرب کے سفیر نے جی ایچ کیو میں فیلڈ مارشل سے ملاقات کی ہے۔ پاک فوج کے

باقی صفحہ 3 بقیہ 16

والدین بچوں کو پتنگ بازی کے خونی کھیل سے دور رکھیں، آئی جی پنجاب

رواں سال لاہور سمیت صوبہ بھر میں انسداد پتنگ بازی ایکٹ کی خلاف ورزی پر 11ہزار 397 ملزمان گرفتار، 10ہزار 849 مقدمات درج، لاکھوں پتنگیں اور ہزاروں ڈور چرخیاں برآمد: ترجمان پنجاب پولیس

آئی جی پنجاب عبدالکریم نے واضح ہدایت جاری کی ہے کہ صوبہ بھر میں کسی بھی جگہ پتنگ بازی ہرگز قابل برداشت نہیں اور اس خطرناک سرگرمی میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے

لاہور (سینئر کرائم رپورٹر سے) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کی ہدایت پر پنجاب پولیس صوبہ بھر میں اینٹی کائٹ فلائنگ ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ رواں سال لاہور سمیت صوبہ بھر میں انسداد پتنگ بازی ایکٹ کی خلاف ورزی پر 11ہزار 397 ملزمان کو گرفتار کرکے 10ہزار 849 مقدمات درج کیے گئے اس دوران 5لاکھ 99ہزار 340 پتنگیں اور 19ہزار 361 ڈور چرخیاں بھی برآمد کی گئیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ صوبائی دارالحکومت لاہور میں 5ہزار 740 ملزمان کو گرفتار کیا گیا جبکہ 5ہزار 466 مقدمات درج کیے گئے۔ لاہور میں 2لاکھ 17ہزار 176 پتنگیں اور 7ہزار 875 ڈور چرخیاں بھی برآمد کی گئیں۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے واضح ہدایت جاری کی ہے کہ صوبہ بھر میں کسی بھی جگہ پتنگ بازی ہرگز قابل برداشت نہیں اور اس خطرناک

باقی صفحہ 3 بقیہ 18

PTI کور اور سیاسی کمیٹی نے لانگ مارچ ناکامی کا ذمے دار سہیل آفریدی کو قرار دیدیا

فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی قائم، آفریدی لانگ مارچ کی تفصیلات نہیں بتاتے تھے، سلمان اکرم، کوئی منصوبہ بندی نہ تھی، پارٹی رہنما

کمیٹی فارن فنڈنگ کی بھی تحقیقات کریگی، اچکزئی اور ناصر عباس کو ہٹانے کا مطالبہ، بانی سے ملاقات کیلئے سیف سے رابطے کا فیصلہ

پشاور (وائس آف ایشیا) پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی اور سیاسی کمیٹی نے لانگ مارچ اور حکومت سے مذاکرات کی ناکامی کی تحقیقات کیلئے فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی قائم کردی، کور کمیٹی اور سیاسی کمیٹی کے اجلاس میں لانگ مارچ کی ناکامی، منصوبہ بندی کے فقدان اور قیادت کے کردار پر سوالات اٹھائے گئے اور سہیل آفریدی کو لانگ مارچ کی ناکامی کا ذمے دار قرار دیا گیا، پی ٹی آئی کور کمیٹی نے لانگ مارچ اور مذاکرات سے متعلق حقائق سامنے لانے کے لیے فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی بنانے کی منظوری دیدی، کمیٹی چار نکات پر اپنی رپورٹ پیش کریگی جن میں لانگ مارچ اور مذاکرات ناکام ہونے کی وجوہات اور اسباب، لانگ مارچ کی فنڈنگ سے متعلق معاملات شامل ہیں۔ کمیٹی فارن فنڈنگ کے حوالے سے بھی تحقیقات کریگی، رہنماؤں نے کہا کہ لانگ مارچ کیلئے کوئی منصوبہ بندی نہیں تھی اور نہ ہی رہنماؤں کو اعتماد میں لیا گیا، سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ جب بھی سہیل آفریدی سے لانگ مارچ کے منصوبے کے بارے میں پوچھا جاتا تو وہ تفصیلات نہیں بتاتے تھے، پی ٹی آئی رہنماؤں کے مطابق لکی مروت سے مردان تک بھی انہیں منصوبہ بندی سے بےخبر رکھا گیا، اجلاس میں بانی چیئرمین عمران خان سے ملاقات کے لیے بیرسٹر سیف سے رابطہ کرنے کا فیصلہ بھی

باقی صفحہ 3 بقیہ 10

کراچی کو عوام کی خواہش کے برخلاف سندھ کا حصہ بنایا گیا تھا، خالد مقبول صدیقی

70 کی دہائی تک کراچی کا انتظامی ڈھانچہ مختلف تھا، یہ سندھ کا حصہ نہیں تھا، چیئرمین ایم کیو ایم پاکستان



کراچی (نمائندہ خصوصی) ایم کیو ایم پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ کراچی کو یہاں کے عوام سے پوچھے بغیر سندھ کا حصہ بنایا گیا تھا، انہوں نے کہا کہ نئے صوبے وقت کی ضرورت ہیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق ناظم آباد ریذیڈنس کمیٹی کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا

باقی صفحہ 3 بقیہ 9

خواجہ آصف نے بیوروکریٹس کی بیرون ملک ہجرت پر سوالات اٹھادیئے

اعلیٰ عہدوں پر فائز رہنے، عزت و مراعات پانے والے افسروں کی پاکستان کیساتھ وابستگی کا جائزہ لیا جانا چاہیے

متعلقہ افسروں کے اثاثوں، آمدن ذرائع، بیرونی سرمایہ کاری، قانونی تقاضوں کی پابندی کا شفاف جائزہ ضروری ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ آصف نے بیوروکریسی کی بیرون ملک ہجرت پر سوالات اٹھاتے ہوئے کہا اعلیٰ عہدوں پر فائز رہنے، حکومتی سرپرستی اور ملک سے عزت و مراعات پانے والے افسروں کی پاکستان کیساتھ وابستگی کا جائزہ لیا جانا چاہیے، اپنے بیان میں خواجہ آصف نے کہا پاکستان کی بیوروکریسی میں قابل، ایماندار افسر موجود ہیں اور کوئی شک نہیں تاہم بڑی تعداد کئی برسوں سے کینیڈا، امریکہ، برطانیہ اور یورپ کو اپنا مستقل مسکن بنا چکی بعض افسروں نے سرکاری ملازمت کے دوران ہی بیرون ملک مستقل سکونت اختیار کرنے کیلئے باقاعدہ منصوبہ بندی کی، اقدام سے ملازمت کے دوران وطن، سرکاری ذمہ داریوں کیساتھ وابستگی پر سوالات پیدا ہوتے ہیں، وزیر دفاع نے کہا چند برسوں سے سرکاری افسروں کی بیرون ملک منتقلی کیلئے پرتگال کا نام سامنے آرہا ہے، مستقل رہائش (پی آر) کے حصول میں مبینہ سہولت کاری کرنے والا شخص متعدد دولت مند بیوروکریٹس سے بھاری رقوم وصول کرنے کے بعد فرار، معاملے پر مختلف کہانیاں گردش کر رہی ہیں، معاملات کی حقیقت جاننے کیلئے متعلقہ افسروں کے اثاثوں، آمدن ذرائع، بیرون ملک سرمایہ کاری، قانونی تقاضوں کی پابندی کا شفاف جائزہ ضروری ہے

اگلے سال بجلی چوری والے فیڈرز کے بجائے ٹرانسفارمرز پر لوڈشیڈنگ ہوگی، اویس لغاری

رات کو دو گھنٹے کی لوڈشیڈنگ ختم کرکے عوام کو 6 روپے یونٹ کا بوجھ سے بچایا، وفاقی وزیر توانائی



ڈی جی خان (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر برائے توانائی اویس لغاری کا کہنا ہے کہ اگلے سال جون سے بجلی چوری کرنے والے فیڈرز کے بجائے ٹرانسفارمر پر لوڈ شیڈنگ ہوا کرے گی۔ ڈیرہ غازی خان میں فاروق احمد خان لغاری انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی توسیع کے منصوبے کا جائزہ لینے کے بعد میڈیا سے گفتگو میں وفاقی وزیر نے کہا

باقی صفحہ 3 بقیہ 15

امریکا کیساتھ جنگ کے خاتمے کی کوششیں تیز؛ روسی وزیر خارجہ ایران پہنچ گئے

خلیجی ممالک نے روس پر زور دیا تھا کہ وہ ایران پر اپنا اثر و رسوخ استعمال کرتے ہوئے جنگ رکوانے کیلئے کردار ادا کرے

روسی صدر ولادیمیر پیوٹن رواں ماہ ایرانی صدر پزشکیان کو یقین دہانی کرا چکے ہیں کہ ماسکو جنگ کے خاتمے کے لیے ثالثی کی کوششوں میں حصہ لینے کو تیار ہے

دبئی (وائس آف ایشیا) روسی وزیرخارجہ سرگئی لاوروف ایران اور امریکہ کے درمیان جاری جنگ کے بعد اپنے پہلے دورے پر تہران پہنچ گئے جہاں وہ ایرانی صدر مسعود پزشکیان اور وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ملاقات کریں گے۔ روسی خبر رساں اداروں کے مطابق سرگئی لاوروف کو بحرین میں خلیج تعاون کونسل کے وزرائے خارجہ سے ملاقاتوں کے بعد کل (پیر) کو تہران پہنچے ہیں۔ خیال رہے کہ خلیجی ممالک نے بحرین میں ہونے والے اجلاس کے دوران روس پر زور دیا تھا کہ وہ ایران پر اپنا اثر و رسوخ استعمال کرتے ہوئے خطے میں حملے روکنے اور اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل درآمد کے لیے اپنا کردار ادا

باقی صفحہ 3 بقیہ 8

نیتن یاہو امریکا کو دوبارہ جنگ میں دھکیلنا چاہتا ہے، ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کا دعویٰ

امریکی اور اسرائیلی حملوں نے ایران کو مٹانا چاہا لیکن ایران اس جنگ سے مضبوط ہو کر ابھرا ہے، بیان



تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی وزیرخارجہ عباس عراقچی نے انکشاف کیا ہے کہ نیتن یاہو امریکا کو دوبارہ جنگ میں دھکیلنا چاہتا ہے۔ اپنے بیان میں عباس عراقچی کا کہنا تھا کہ اگر امریکا اور اسرائیل دوبارہ ایرانی قوم کو آزمانا چاہتے تو آزما سکتے ہیں لیکن ان کو اب محتاط ہونا

باقی صفحہ 3 بقیہ 11

قلات اور گوادر میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں 4 دہشتگرد ہلاک، پاک فوج کا ایک میجر شہید

کارروائی کے دوران دہشت گردوں کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا گیا، دھماکے کے نتیجے میں دستے کی قیادت کرنے والے میجر وجاہت وحید شہید ہوگئے

کارروائی کے دوران دہشت گردوں کے ٹھکانے کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا گیا اور شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 4 دہشت گرد ہلاک کردیے گئے۔ علاقے سے اسلحہ اور گولہ بارود کا ذخیرہ بھی برآمد ہوا

قلات، گوادر (نمائندہ خصوصی) بلوچستان کے اضلاع قلات اور گوادر میں سیکیورٹی فورسز کے انٹیلی جنس کی بنیاد پر آپریشنز کے دوران فتنہ الہندستان کے 4 دہشت گرد جہنم واصل ہوگئے، جبکہ ضلع گوادر کی تحصیل پسنی میں کلیئرنس آپریشن کے دوران دیسی ساختہ بم کے دھماکے میں پاک فوج کے میجر وجاہت وحید نے جام شہادت نوش کرلیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق انٹیلی جنس اداروں نے ضلع قلات کے علاقے جنگ آباد اور ضلع گوادر کی تحصیل پسنی کے علاقے شادی کور میں بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والے فتنۃ الہندوستان کے متعدد ٹھکانوں کی

باقی صفحہ 3 بقیہ 14

حوثیوں کیخلاف آپریشن ڈاؤن آف یمن جاری، گزشتہ 24 گھنٹوں میں 1326 حملے

مارب کے مغرب میں مشرقی محاذ پر سرکاری فورسز نے پیش قدمی کی، ترجمان

یمن (وائس آف ایشیا) مسلح افواج نے دعویٰ کیا ہے کہ حوثی باغیوں کے ٹھکانوں پر 24 گھنٹوں کے دوران 1,326 حملے کیے گئے جن میں تقریباً 370 جنگجوؤں کو ہلاک یا غیر مؤثر بنایا گیا جبکہ درجنوں فوجی گاڑیوں اور دیگر عسکری تنصیبات کو تباہ یا ناکارہ کر دیا گیا۔ عرب

باقی صفحہ 3 بقیہ 6

اسرائیلی ماہرین نے امریکا-ایران جنگ کے نئے آغاز سے خبردار کردیا

واشنگٹن (وائس آف ایشیا) اسرائیلی دفاعی ماہرین اور حکام نے خبردار کیا ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان

باقی صفحہ 3 بقیہ 7

سرکاری حج اسکیم واجبات کی دوسری قسط جمع کرانے کی کل آخری تاریخ

اسلام آباد (بیورو چیف) سرکاری عازمین حج کے لیے واجبات کی دوسری قسط جمع کروانے کی کل 20

باقی صفحہ 3 بقیہ 12

دہشتگردی کیخلاف جنگ کیلئے جدید بکتر بند گاڑیاں پشاور پولیس کو موصول

بلٹ پروف اے پی سیز دہشت گردوں کے خلاف آپریشن اور اہم مقامات پر موجود رہیں گیں

پشاور (نمائندہ خصوصی) وفاقی حکومت کی جانب سے دہشت گردی کے خلاف جنگ کے لیے جدید بکتر بند گاڑیاں حساس علاقوں میں آپریشنل فورس کے حوالے کر دی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق 10 بلٹ پروف اے پی سیز دہشت گردوں کے خلاف آپریشن اور اہم مقامات پر

باقی صفحہ 3 بقیہ 13

پنجاب یونین کونسلوں میں انتظامی بحران کے خاتمے کیلئے سیکرٹریز و ماتحت عملے کی بھرتیوں کا فیصلہ

ساڑھے 6ہزار یونین کونسلز میں عملے کی شدید قلت کو دور کرنے کیلئے 2ہزار کے قریب ملازمین کی بھرتیوں کا عمل عنقریب شروع

نئے بلدیاتی ایکٹ کے نفاذ سے قبل یونین کونسلوں کی تعداد 4015 کے قریب تھی جو اب ساڑھے 6ہزار سے زائد ہو چکی

لاہور (نمائندہ خصوصی) نئے بلدیاتی ایکٹ کے تحت صوبے بھر میں یونین کونسلوں کی تعداد میں غیر معمولی اضافے کے باعث پیدا ہونے والے انتظامی بحران کو ختم کرنے کیلئے بالآخر یونین کونسل سیکرٹریز اور ماتحت عملے کی بڑے پیمانے پر بھرتیوں کا حتمی فیصلہ کرلیا گیا ہے تاکہ نظام کو بہتر بنایا جاسکے۔ صوبے کی ساڑھے 6ہزار کے قریب یونین کونسلوں میں عملے کی شدید قلت کو دور کرنے کیلئے دو ہزار کے قریب ملازمین کی نئی بھرتیوں کا عمل شروع کیا جا رہا ہے جن میں ایک ہزار کے قریب یونین کونسل سیکرٹریز اور 900 سے زائد ماتحت سٹاف شامل ہوگا۔ نئے بلدیاتی ایکٹ کے نفاذ سے قبل صوبے میں یونین کونسلوں کی تعداد 4,015 کے قریب تھی جو اب بڑھ کر ساڑھے چھ ہزار سے زائد ہو چکی ہے، جن میں دیہی علاقوں میں چار ہزار کے قریب اور شہری علاقوں میں پچیس سو سے زائد یونین کونسلز قائم کی گئی ہیں، جبکہ صرف لاہور میں یو

باقی صفحہ 3 بقیہ 5

برآمدات کا فروغ مضبوط معیشت کی بنیاد ہے، رکاوٹیں دور کی جائیں، صدر لاہور چیمبر

برآمدات میں اضافے کیلئے قالینوں کی صنعت کو عالمی منڈی میں مسابقت کیلئے سہولیات فراہم کرنا ہوں گی، علی حسام اصغر

پی سی ایم ای اے کے پیٹرن انچیف لطیف ملک، سینئر وائس چیئرمین خواجہ میر مدثر کی قیادت میں وفد سے ملاقات میں گفتگو

لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر علی حسام اصغر نے کہا ہے کہ برآمدات کا فروغ مضبوط معیشت کی بنیاد ہے اسلئے برآمدکنندگان کو درپیش دیرینہ رکاوٹیں بلاتاخیر دور کی جانی چاہئیں، برآمدات میں پائیدار اضافہ ملکی معیشت کے استحکام، زرمبادلہ کے ذخائر میں بہتری اور معاشی خود انحصاری کیلئے ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے پیٹرن انچیف عبداللطیف ملک اور سینئر وائس چیئرمین خواجہ میر مدثر کی قیادت میں ملاقات کرنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ چیئرمین کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ اعجاز الرحمٰن، سابق چیئرمین میاں عتیق الرحمٰن، میجر (ر) اختر نذیر، سعید خان اور ایگزیکٹو کمیٹی کے ارکان بھی وفد میں شامل تھے۔ اس موقع پر لاہور چیمبر کے سینئر نائب صدر سردار عثمان غنی اور نائب صدر چوہدری خادم حسین بھی

باقی صفحہ 3 بقیہ 4



نارووال: احسن اقبال ٹیچنگ ہسپتال میں نئی ڈائیلیسز مشینوں کا افتتاح کر رہے ہیں۔

پاکستان کی 80 فیصد کم آمدن والی آبادی دیہی علاقوں میں مقیم

سماجی و معاشی خطرات کا سامنا

متمول طبقہ 20 سے 30 فیصد، متوسط اور غریب طبقات 70 سے 80 فیصد آمدن خوراک پر خرچ کرتے، بڑھتی قیمتیں زیادہ متاثر کرتیں

شرح غربت کے منفی رجحانات 2026 میں برقرار رہ سکتے، مینا مالک کی 26.9 فیصد آبادی کی یومیہ آمدنی 4.20 ڈالر، عالمی بینک

اسلام آباد (وائس آف ایشیا) عالمی بینک نے ایک رپورٹ میں کہا ہے کہ پاکستان کی 80 فیصد کم آمدن آبادی دیہی علاقوں میں مقیم اور اسے مختلف سماجی اور معاشی خطرات کا سامنا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ملک کا متمول طبقہ 20 سے 30 فیصد آمدن خوراک، متوسط اور غریب طبقات کی اکثریت 70 سے 80 فیصد آمدن خوراک پر خرچ کرتی ہے، اشیائے خوردونوش کی بڑھتی قیمتیں ان طبقات کو زیادہ متاثر کرتی ہیں۔ عالمی بینک کے مطابق 21 ویں صدی کی پہلی دہائی میں مشرق وسطیٰ، شمالی افریقہ، افغانستان اور پاکستان میں غربت نمایاں کم ہوئی، 2019 عالمی وبا نے اس پیش رفت کو متاثر اور

باقی صفحہ 3 بقیہ 3



سعودی عرب کے علاقے نجران میں پروجیکٹائل گرنے سے ہونیوالے نقصان کے مناظر

سندھ کے شہری مسائل کا واحد حل نئے انتظامی یونٹس ہیں، ایم کیو ایم

کراچی حیدر آباد و دیگر اضلاع میں بنیادی سہولیات اور اختیارات کی عدم منتقلی سے عوام بے چینی میں مبتلا ہیں، ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی

مظلوم و محروم طبقات کو بروقت اور شفاف انصاف کی فراہمی کیلئے عدالتی نظام میں اصلاحات ناگزیر، فکری و مشاورتی نشست سے خطاب

کراچی (ڈپٹی بیورو چیف) متحدہ قومی موومنٹ کے چیئرمین ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی سے مرکز بہادر آباد میں متحدہ لائرز فورم، متحدہ لیگل ایڈ کمیٹی اور ممتاز ماہرین قانون کے اعلیٰ سطح وفد نے اہم فکری و مشاورتی ملاقات کی۔ اس موقع پر سینئر مرکزی رہنما وسیم اختر و دیگر بھی موجود تھے، جبکہ سابق جج قاضی خالد نے خصوصی شرکت کی۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی و آئینی صورتحال بالخصوص سندھ کے شہری علاقوں کو درپیش سالہا سال کے گمبھیر مسائل، نئے انتظامی یونٹس کے قیام کی اشد ضرورت، نظام عدل کی کارکردگی اور مروجہ قوانین میں موجود فنی و آئینی سقم پر سیر حاصل گفتگو کی گئی۔ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ سندھ کے شہری علاقوں بالخصوص کراچی، حیدرآباد و دیگر اضلاع میں بنیادی سہولیات اور اختیارات کی عدم منتقلی نے عوام کو سخت بے چینی میں مبتلا کر رکھا ہے، انہوں نے واضح کیا کہ صوبے میں انتظامی توازن اور عوام

باقی صفحہ 3 بقیہ 2

خیراتی اداروں، این جی اوز کی مانیٹرنگ اور کارکردگی کی جانچ کے حوالے سے اہم فیصلے

این جی اوز کو منی لانڈرنگ اور دہشت گردوں کی مالی معاونت جیسے خطرات سے بچاؤ کی تربیت جاری ہے، سیکرٹری داخلہ

پنجاب میں تمام خیراتی اداروں کی چیریٹیز کمیشن سے رجسٹریشن لازم ہے' ڈاکٹر احمد جاوید قاضی کا اجلاس میں اظہار خیال

لاہور (وائس آف ایشیا) سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی کی زیرصدارت پنجاب چیریٹیز کمیشن کا 26واں اجلاس منعقد ہوا۔ سیکرٹری ہاؤسنگ و کمشنر پنجاب چیریٹیز کمیشن نورالامین مینگل نے اجلاس میں آن لائن شرکت کی جبکہ کمشنر پنجاب چیریٹیز کمیشن ڈاکٹر اسامہ صدیق بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر کرنل شہزاد امیر نے ادارے کی کارکردگی اور مستقبل کے پلان بارے بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ چیریٹیز کمیشن پنجاب بھر میں این جی اوز کی استعداد کار بڑھانے کے منصوبے پر عمل پیرا ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پنجاب میں قائم 8,345 این جی اوز کیساتھ مستقل رابطے میں ہیں۔ این جی اوز کو منی لانڈرنگ اور دہشت گردوں کی مالی معاونت جیسے خطرات سے بچاؤ کی تربیت دی جا رہی ہے۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ خیراتی اداروں میں شفافیت کے فروغ، منی لانڈرنگ اور دہشت

باقی صفحہ 3 بقیہ 1



معروف گلوکار طاہر عباس پی ایچ اے بہاولپور کے برانڈ ایمبیسیڈر مقرر

پی ایچ اے بہاولپور اور طاہر عباس کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط، شہر کی خوبصورتی اور ماحولیاتی آگاہی کے فروغ کے لیے مشترکہ اقدامات کا فیصلہ

کھڈیاں خاص(وائس آف ایشیا) پاکستان کے معروف گلوکار اور بین الاقوامی شہرت یافتہ فنکار طاہر عباس کو ہارٹیکلچر ایجنسی (پی ایچ اے) بہاولپور کا باضابطہ برانڈ ایمبیسیڈر مقرر کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں بہاولپور لائبریری میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران پی ایچ اے بہاولپور کے مینجنگ ڈائریکٹر ڈاکٹر نیّر مصطفیٰ اور گلوکار طاہر عباس کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے۔اس اشتراک کا مقصد بہاولپور میں شجرکاری، ماحولیاتی تحفظ، پارکوں کی خوبصورتی، صفائی ستھرائی اور سرسبز و شاداب ماحول کے فروغ کے لیے عوامی شعور اجاگر کرنا ہے۔معاہدے کے تحت طاہر عباس پی ایچ اے بہاولپور کے لیے ایک خصوصی آفیشل ترانہ بھی تیار کریں گے، جس کی شاعری، کمپوزیشن، موسیقی اور ویڈیو پروڈکشن کے ذریعے شہر کی خوبصورتی اور ماحولیاتی تحفظ کا پیغام عوام تک پہنچایا جائے گا۔واضح رہے کہ طاہر عباس پاکستان کے مقبول گلوکاروں میں شمار ہوتے ہیں، جن کے گانوں کو ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر مجموعی طور پر ایک ارب سے زائد مرتبہ دیکھا اور سنا جا چکا ہے۔ وہ پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک میں سینکڑوں میوزیکل کنسرٹس میں اپنے فن کا مظاہرہ کر چکے ہیں، جبکہ بھارت، مشرق وسطیٰ اور دنیا بھر میں ان کے سامعین کی بڑی تعداد موجود ہے۔طاہر عباس کی بطور برانڈ ایمبیسیڈر نامزدگی فن و ثقافت کو سماجی اور ماحولیاتی آگاہی کے فروغ سے منسلک کرنے کی ایک اہم پیش رفت ہے۔ اس اشتراک کے ذریعے موسیقی اور تخلیقی سرگرمیوں کی مدد سے خصوصاً نوجوان نسل کو شجرکاری، صفائی اور شہری خوبصورتی کی مہمات میں شامل کرنے پر توجہ دی جائے گی۔پی ایچ اے بہاولپور اور طاہر عباس کا یہ اشتراک بہاولپور کو مزید سرسبز، صاف ستھرا اور خوبصورت شہر بنانے کی کوششوں کا حصہ ہے۔



وجے کو شادی کیلئے آمادہ کرنے میں پورا سال لگا، اداکارہ رشمیکا مندانا

جوڑی نے اپنی نجی زندگی کو زیادہ تر میڈیا کی نظروں سے دور رکھا اور پھر فروری 2026 میں شادی کر لی

ممبئی (وائس آف ایشیا)بالی ووڈ کی معروف جوڑی رشمیکا مندانا اور وجے دیوراکونڈا نے اپنی شادی سے متعلق ایک دلچسپ انکشاف کیا ہے۔رشمیکا مندانا اور وجے دیوراکونڈا نے حال ہی میں کافی ود کرن کے سیزن 9 میں بطور مہمان شرکت کی۔اس شو کے دوران میزبان کرن جوہر نے اس جوڑی سے یہ سوال پوچھا کہ دونوں میں سے شادی کے لیے پہلے کس نے پروپوز کیا؟اس سوال کے جواب میں رشمیکا مندانا نے نفی میں سر ہلا دیا جب کہ وجے دیوراکونڈا نے کہانی سنانا شروع کر دی اور بتایا کہ رشمیکا مجھ سے مسلسل کہتی رہیں چلو شادی کر لیتے ہیں اور یہ بات میں تقریباً 100مرتبہ سن چکا تھا۔کرن جوہر نے حیرت سے رشمیکا مندانا سے اس بات کی تصدیق چاہی تو اداکارہ نے مسکراتے ہوئے کہا کہ میں پورے ایک سال تک انہیں شادی کے لیے آمادہ کرتی رہی۔رشمیکا مندانا اور وجے دیوراکونڈا نے 2018 کی تیلگو فلم گیتا گووندم میں ایک ساتھ کام کیا تھا اور اس کے بعد دونوں فلم ڈیئر کامریڈ میں بھی نظر آئے۔دونوں کی آن اسکرین کیمسٹری کے باعث طویل عرصے تک دونوں کے تعلقات سے متعلق قیاس آرائیاں ہوتی رہیں لیکن اس جوڑی نے اپنی نجی زندگی کو زیادہ تر میڈیا کی نظروں سے دور رکھا اور پھر فروری 2026 میں شادی کر لی۔





میں نے اپنی پہلی فلم" دیوانے تیرے پیار کے" کیلئے 50لاکھ روپے سے زائد معاوضہ وصول کیا تھا، جیا علی

ماڈلنگ کے زمانے میں مجھے فلم جیوا میں کام کرنے کی پیشکش بھی ہوئی تھی، تاہم خاندانی پابندیوں کے باعث میں نے یہ پیشکش قبول نہیں کی

کراچی (وائس آف ایشیا)پاکستانی سابقہ معروف اداکارہ اور ماڈل جیا علی نے اپنی پہلی فلم کے لیے ملنے والے معاوضے سے پردہ اٹھا دیا۔انہوں نے انکشاف کیا ہے کہ میں نے اپنی پہلی فلم" دیوانے تیرے پیار کے" کے لیے 50 لاکھ روپے سے زائد معاوضہ وصول کیا تھا۔جیا علی نے اپنے فنی کیریئر کا آغاز کامیاب پاکستانی فلم دیوانے تیرے پیار کے سے کیا، جس میں انہوں نے اداکار معمر رانا کے ساتھ کام کیا تھا۔جیا علی نے اپنے کیریئر کے عروج پر شوبز انڈسٹری کو خیرباد کہہ دیا تھا، انہوں نے 2021 میں کاروباری شخصیت عمران ادریس سے شادی کی اور ان کی شادی کو 5سال ہو چکے ہیں۔حال ہی میں جیا علی نے نجی ٹی وی کے پروگرام میں شرکت کی، جہاں انہوں نے اپنی پہلی فلم کے لیے بھاری معاوضہ لینے سے متعلق تفصیلات بتائیں۔پروگرام کے دوران ان سے سوال کیا گیا کہ ہم نے سنا ہے کہ آپ نے اپنی پہلی فلم دیوانے تیرے پیار کے کے لیے 1 کروڑ روپے معاوضہ لیا تھا، کیا یہ درست ہے؟اس پر جیا علی نے جواب دیا کہ دیوانے تیرے پیار کے میری پہلی فلم تھی، جو1997 میں ریلیز ہوئی، اس فلم میں معمر رانا میرے ساتھ تھے، میں نے پورا 1 کروڑ روپے معاوضہ نہیں لیا تھا لیکن اس وقت میں سب سے زیادہ معاوضہ لینے والی اداکارہ ضرور تھی۔انہوں نے بتایا کہ فلم کی شوٹنگ کے لیے ہم ایک دوسرے ملک گئے تھے اور میری اپنی ٹیم بھی میرے ساتھ تھی، جس میں میرا بھائی، فوٹو گرافر منا مشتاق، ان کا ایک دوست اور عالیہ امام شامل تھے، ان سب کے سفری اخراجات اور دیگر ضروری اخراجات بھی میرے معاوضے میں شامل تھے، اس طرح1997 میں مجھے پروڈیوسر سے 50لاکھ روپے سے زائد رقم ملی تھی۔جیا علی کے مطابق اس بھاری معاوضے کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ میں فلم کے لیے ملبوسات، کوریوگرافر اور دیگر معاملات میں اپنی پسند کو ترجیح دیتی تھی۔اداکارہ نے بتایا کہ میں اس فلم میں کام کرنے کے لیے زیادہ پرجوش نہیں تھی اور ذہنی طور پر ماڈلنگ کا شعبہ بھی تقریباً چھوڑ چکی تھی، میں نے فلم سازوں کے لیے معاملات خاصے مشکل بنا دیے تھے۔جیا علی نے اپنے ماضی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ماڈلنگ کے زمانے میں مجھے فلم جیوا میں کام کرنے کی پیشکش بھی ہوئی تھی، تاہم خاندانی پابندیوں کے باعث میں نے یہ پیشکش قبول نہیں کی۔ان کا کہنا ہے کہ اس وقت میں بڑی مشکل سے اپنا ماڈلنگ کیریئر جاری رکھے ہوئے تھی۔

معروف اداکار و پروڈیوسر صمد عارض پاکستان پہنچ گئے جہاں ان کی شوبز سرگرمیاں جاری ہیں

نامور گلوکار ملکو کے پرفیوم برانڈ کی لانچنگ تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کرکے تقریب کی رونق بڑھا دی

فیصل آباد(وائس آف ایشیا) معروف اداکار و پروڈیوسر صمد عارض پاکستان پہنچ گئے جہاں ان کی شوبز سرگرمیاں جاری ہیں۔ پاکستان آمد کے بعد صمد عارض نے سپر اسٹار اداکار شان شاہد اور معروف اداکارہ امر خان سے ملاقات کی، جبکہ نامور گلوکار ملکو کے پرفیوم برانڈ کی لانچنگ تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کرکے تقریب کی رونق بڑھا دی۔صمد عارض نے اپنی نئی فلم تیاری کے حوالے شوبز شخصیات سے ملاقات کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے۔ ان کی معروف فنکاروں سے ملاقاتوں نے انٹرٹینمنٹ حلقوں میں توجہ حاصل کی ہے۔ شان شاہد پاکستانی فلم انڈسٹری کے نمایاں اداکاروں میں شمار ہوتے ہیں، جبکہ اداکارہ امر خان نے بھی اپنی اداکاری کے ذریعے شوبز انڈسٹری میں منفرد پہچان بنائی ہے۔ دونوں فنکاروں سے صمد عارض کی ملاقات ان کی فنکار برادری سے وابستگی کی عکاسی کرتی ہے۔دوسری جانب گلوکار ملکو کے پرفیوم برانڈ کی لانچنگ تقریب میں بطور مہمان خصوصی صمد عارض کی شرکت بھی نمایاں رہی۔ تقریب میں پرفیوم برانڈ کے آغاز کو اہمیت حاصل رہی، جبکہ صمد عارض کی موجودگی نے ایونٹ کو مزید توجہ دلائی۔صمد عارض کی پاکستان آمد اور مختلف شوبز شخصیات سے ملاقاتوں کو ان کی پیشہ ورانہ سرگرمیوں کے تسلسل کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ ان کی آمد سے شوبز حلقوں میں رونق بڑھی ہے اور مداحوں کی جانب سے بھی ان کی سرگرمیوں میں دلچسپی ظاہر کی جا رہی ہے۔



نکوٹین ویپنگ سے میری آواز تبدیل ہو گئی، گلوکارہ سیلینا گومز

میں اپنی آواز میں آن والی تبدیلی کو واپس نہیں بدل سکتی، نکوٹین چھوڑنا انتہائی مشکل ہے

نیویارک (وائس آف ایشیا)امریکی گلوکارہ اور اداکارہ سیلینا گومز نے انکشاف کیا ہے کہ نکوٹین ویپنگ کے باعث میری آواز تبدیل ہو گئی، تاہم اس عادت کو ترک کرنا مشکل ہونے کے باوجود فائدہ مند ثابت ہوا۔سیلینا گومز نے انسٹاگرام اسٹوریز پر جاری ایک ویڈیو میں بتایا ہے کہ میں نے بالآخر ویپنگ چھوڑ دی ہے۔ انہوں نے نکوٹین کی لت سے چھٹکارا پانے کی کوشش کرنے والے افراد کو ہمت نہ ہارنے کی ترغیب بھی دی ہے۔اداکارہ کا کہنا ہے کہ میں اپنی آواز میں آنے والی تبدیلی کو واپس نہیں بدل سکتی، نکوٹین چھوڑنا انتہائی مشکل ہے، لیکن یہ عادت اس قابل نہیں کہ اسے جاری رکھا جائے۔سیلینا گومز کی آواز میں تبدیلی سے متعلق مداح کئی سال سے گفتگو کر رہے ہیں، جبکہ اس حوالے سے ان کی تقریبات اور انٹرویوز کی ویڈیوز بھی سوشل میڈیا پر گردش کرتی رہی ہیں۔گلوکارہ نے تاحال اس حوالے سے کوئی مخصوص طبی تفصیلات شیئر نہیں کیں کہ ویپنگ نے ان کی آواز کو کس طرح متاثر کیا ہے۔سیلینا گومز نے پہلی مرتبہ دسمبر 2025 میں انسٹاگرام لائیو کے دوران اپنی آواز میں تبدیلی سے متعلق قیاس آرائیوں پر بات کی تھی۔سوال پوچھے جانے پر انہوں نے وضاحت کرنے کی کوشش کی، لیکن پھر بات روک دی۔ان کا کہنا تھا کہ بعض اوقات ایسا ہو جاتا ہے اور میرے گلے کے اندر سوجن بھی ہو جاتی ہے۔



میرے خاندان میں دیسی گھی روز مرہ معمولات کا حصہ ہے، سیف علی خان

کرینہ کپور خان رات کو سونے سے پہلے اپنے پیروں پر دیسی گھی لگاتی ہیں، کامیڈی شو میں گفتگو

ممبئی (وائس آف ایشیا)بالی ووڈ اداکار سیف علی خان نے کامیڈی شو میں شرکت کے دوران اپنی اہلیہ اور اداکارہ کرینہ کپور خان کی رات کو سونے سے پہلے کی ایک دلچسپ عادت کا انکشاف کیا ہے، جس پر شو میں موجود افراد ہنس پڑے۔دی کپل شرما شو کی حالیہ قسط میں میزبان کپل شرما نے جوڑے کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ 14سالہ ازدواجی زندگی کے باوجود دونوں تر و تازہ دکھائی دیتے ہیں، اس پر سیف علی خان نے اپنے خاندان میں دیسی گھی کے استعمال اور کرینہ کی سونے سے پہلے کی عادت کے بارے میں بتایا۔اداکار نے انکشاف کیا ہے کہ میرے خاندان میں دیسی گھی روز مرہ معمولات کا حصہ ہے اور اس کا استعمال صرف کھانا پکانے تک محدود نہیں، کرینہ کپور خان رات کو سونے سے پہلے اپنے پیروں پر دیسی گھی لگاتی ہیں۔کرینہ نے ہنسی گفتگو میں حصہ لیتے ہوئے بتایا ہے کہ اس معمول پر عمل کرنے کے بعد مجھے اچھی نیند آتی ہے۔ سیف علی خان نے مزاحیہ انداز میں بتایا کہ رات کے وقت ہمارے کمرے سے سڑک کنارے موجود ڈھابے جیسی خوشبو آتی ہے، جس پر شو میں قہقہے گونج اٹھے۔دیسی گھی سے متعلق سیف علی خان کا جوش بھی جلد ہی سوشل میڈیا پر میمز کا موضوع بن گیا۔اس سے قبل کرینہ کپور نے اپنی 14ویں شادی کی سالگرہ پر سیف علی خان کے لیے محبت بھرا پیغام جاری کیا تھا۔انہوں نے انسٹاگرام پر تصاویر کا ایک مجموعہ شیئر کیا، جس میں دونوں کی ابتدائی ملاقاتوں اور ساتھ گزارے گئے وقت سے لے کر خاندانی تعطیلات اور اپنے دونوں بیٹوں کے ساتھ یادگار لمحات کی جھلکیاں شامل تھیں۔کرینہ نے تصاویر کے ساتھ لکھا تھا کہ زندگی کے سفر کا ایک اور سال اور ابھی ایک پوری زندگی باقی ہے۔کرینہ کپور کی تازہ ترین فلم میگھنا گلزار کی ہدایت کاری میں بننے والی دائرہ ہے، جس میں انہوں نے پہلی مرتبہ ملیالم سینما کے معروف اداکار پرتھوی راج سکومارن کے ساتھ کام کیا ہے۔جرائم اور انصاف کی پیچیدہ دنیا کے پس منظر میں بننے والی اس فلم میں پرتھوی راج ایک پولیس انسپکٹر جبکہ کرینہ ایک مضبوط اور پراسرار کردار میں نظر آتی ہیں۔



عروسہ اور بلال قریشی کے درمیان تلخیاں بڑھنے اور رشتہ ٹوٹنے کی خبریں وائرل

علیحدگی کی افواہوں کو اس وقت مزید ہوا ملی جب عروسہ نے انسٹاگرام پر بلال قریشی کو ان فالو کردیا

کراچی (وائس آف ایشیا)پاکستانی شوبز انڈسٹری کی مقبول ترین جوڑی عروسہ قریشی اور بلال قریشی کی ازدواجی زندگی کے حوالے سے سوشل میڈیا پر قیاس آرائیاں شروع ہوگئی ہیں۔عروسہ قریشی کی جانب سے انسٹاگرام پر بے وفائی سے متعلق پیغامات شیئر کیے جانے کے بعد دونوں کے درمیان علیحدگی کی افواہیں گردش کرنے لگی ہیں، جس پر مداح بھی تشویش کا اظہار کر رہے ہیں۔عروسہ قریشی نے حال ہی میں انسٹاگرام اسٹوریز پر ایسے پیغامات شیئر کیے جن میں بے وفائی کرنے والے مردوں اور ازدواجی رشتوں میں اعتماد کی اہمیت کا ذکر تھا۔ایک پیغام میں کہا گیا کہ دھوکا دینا کوئی غلطی نہیں بلکہ ایک انتخاب ہے۔ دیگر پوسٹس میں ایسے مردوں پر تنقید کی گئی جو اپنی بیویوں کو اہمیت دینے کے بجائے دوسری خواتین کی تعریف کرتے ہیں، جبکہ ایک پیغام میں غلطی کرنے کے بعد بار بار معافی مانگنے کے رویے پر بھی بات کی گئی۔ان پوسٹس کے بعد سوشل میڈیا صارفین نے اندازے لگانا شروع کردیے کہ آیا ان پیغامات کا تعلق عروسہ قریشی کی اپنی ازدواجی زندگی سے ہے یا نہیں۔ تاہم، اداکارہ نے ان پیغامات میں بلال قریشی کا نام لے کر کوئی واضح الزام نہیں لگایا۔علیحدگی کی افواہوں کو اس وقت مزید ہوا ملی جب عروسہ نے انسٹاگرام پر بلال قریشی کو ان فالو کردیا۔ دوسری جانب، بلال قریشی اب بھی عروسہ کو فالو کر رہے ہیں۔عروسہ اور بلال قریشی کو شوبز کی پسندیدہ جوڑیوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ دونوں نے 14فروری 2015 کو شادی کی تھی اور ان کے دو بیٹے ہیں، جن کے نام سبحان اور رومان ہیں۔ یہ خاندان اکثر سوشل میڈیا پر اپنی روزمرہ زندگی، خوشیوں اور تقریبات کی جھلکیاں شیئر کرتا رہا ہے۔علیحدگی کی افواہوں پر مداحوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ خبریں درست ثابت نہ ہوں۔بعض صارفین کا کہنا تھا کہ وہ اس جوڑی کو ایک ساتھ دیکھنے کے عادی ہیں اور ان کے درمیان علیحدگی کی خبر سننا نہیں چاہتے۔





رضوان کے بعد امام الحق کو بھی ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنے کی اجازت مل گئی،(آج)میدان میں اترینگے

پریذیڈنٹ ٹرافی ایونٹ میں امام الحق او جی ڈی سی ایل کی نمائندگی کریں گے،ٹیم کو دستیاب، رپورٹ

لاہور(وائس آف ایشیا)پاکستانی ٹیسٹ کرکٹر امام الحق کو پریذیڈنٹ ٹرافی کھیلنے کی اجازت مل گئی ہے۔ذرائع کے مطابق ایونٹ میں امام الحق او جی ڈی سی ایل کی نمائندگی کریں گے، وہ (آج)منگل سے شروع ہونے والے آخری راؤنڈ کے لیے ٹیم کو دستیاب ہوں گے۔او جی ڈی سی ایل نے بھی امام الحق کی دستیابی کی تصدیق کی ہے۔ ٹیم کا (آج) منگل کا میچ لاہور میں غنی گلاس کے خلاف شیڈول ہے۔پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے امام الحق کو کھیلنے کی اجازت کے حوالے سے او جی ڈی سی ایل کو آگاہی دی تھی۔گزشتہ روز پی سی بی نے سابق ٹیسٹ کپتان محمد رضوان کو بھی فرسٹ کلاس کرکٹ کھیلنے کی اجازت دی تھی۔



قائداعظم ٹرافی اور نیشنل ٹی 20 کے میچز کراچی میں ہوں گے، اسامہ شرون نیازی

کراچی(وائس آف ایشیا)پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے ڈائریکٹر ڈومیسٹک کرکٹ اسامہ شرون نیازی نے کہا ہے کہ قائداعظم ٹرافی اور نیشنل ٹی 20 کے میچز کراچی میں منعقد ہوں گے جبکہ شہر میں ڈومیسٹک کرکٹ کے دیگر ایونٹس کرانے کی بھی بھرپور کوشش کی جائے گی۔اسامہ شرون نیازی نے کراچی میں کے سی سی اے اسٹیڈیم کا دورہ کیا اور ڈومیسٹک میچز کے انعقاد کے لیے گراؤنڈز اور سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے نیشنل بینک، یو بی ایل اور ٹی ایم سی گراؤنڈز کا بھی معائنہ کیا۔ڈائریکٹر ڈومیسٹک کرکٹ پی سی بی نے کہا کہ پی سی بی ریجنل ایسوسی ایشنز کی سفارش پر ٹورنامنٹس کے لیے این او سی جاری کرتا ہے۔ پی سی بی کے این او سی کے بغیر ٹورنامنٹس کھیلنے والے کھلاڑیوں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی، جبکہ کلبوں سے رجسٹرڈ کھلاڑیوں کو صرف مجاز ٹورنامنٹس میں حصہ لینا چاہیے۔اسامہ شرون نیازی نے کہا کہ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی قیادت میں ملک بھر میں کرکٹ کا فروغ اولین ترجیح ہے۔ پی سی بی اور آر سی اے کے باہمی تعاون سے کراچی میں کرکٹ سرگرمیوں کو وسعت ملے گی۔انہوں نے کہا کہ کراچی نے جاوید میانداد، ظہیر عباس، سرفراز احمد اور راشد لطیف جیسے عظیم کھلاڑی ملک کو دیے ہیں۔ شہر میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں، تاہم کھلاڑیوں کی گرومنگ کے لیے مزید اقدامات کی ضرورت ہے۔اسامہ شرون نیازی نے کے سی سی اے اسٹیڈیم کے حوالے سے کہا کہ ندیم عمر نے اسے بہترین معیار کا گراؤنڈ بنایا ہے۔



چائنا کی مشہور گوانگ ڈونگ ہاکی ٹیم پاکستان پہنچ گئی

مہمان ٹیم پاکستان میں موجودہ ڈیپارٹمنٹل اور ڈومیسٹک ہاکی ٹیموں کے خلاف مختلف شہروں میں میچز کھیلے گی

لاہور(وائس آف ایشیا)پاکستان ہاکی فیڈریشن کے زیراہتمام بین الاقوامی کھیلوں کے فروغ اور دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی ایک اور اہم کڑی کے تحت، چائنا کی مشہور گوانگ ڈونگ ہاکی ٹیم پاکستان پہنچ گئی ہے۔ مہمان ٹیم پاکستان میں موجودہ ڈیپارٹمنٹل اور ڈومیسٹک ہاکی ٹیموں کے خلاف مختلف شہروں میں میچز کھیلے گی۔پاکستان آمد پر پی ایچ ایف کے اعلیٰ حکام اور عہدیداران نے ایئرپورٹ پر چینی ٹیم کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس پروقار موقع پر مہمان کھلاڑیوں اور آفیشلز کو پھولوں کے ہار پہنائے گئے اور روایتی پاکستانی مہمان نوازی کا مظاہرہ کرتے ہوئے گلدستے پیش کیے گئے۔پی ایچ ایف ترجمان کے مطابق چین کی گوانگ ڈونگ ہاکی ٹیم کا دورہ پاکستان دونوں ممالک کے درمیان کھیلوں کے تعلقات کو مزید فروغ دینے میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔اس دورے سے نہ صرف پاکستانی کھلاڑیوں کو بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتیں نکھارنے کا موقع ملے گا بلکہ دونوں ممالک کے درمیان دوستی کے رشتے بھی مزید مضبوط ہوں گے۔



مجھے کسی کو کچھ ثابت نہیں کرنا، نہ ہی جواب دینا ہے، سلمان علی آغا

میری سنچری کے بعد سیلیبریشن بیٹے کیلئے تھی، دونوں ٹیموں نے آخری اوورز میں اچھی بیٹنگ نہیں کی، گفتگو

راولپنڈی (وائس آف ایشیا)پاکستان کرکٹ ٹیم کے مڈل آرڈر بیٹر سلمان علی آغا نے سری لنکا کے خلاف میچ میں شاندار کارکردگی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ میری بیٹنگ میں تینوں فارمیٹس کے دوران کوئی تبدیلی نہیں آتی، مجھے کسی کو کچھ ثابت نہیں کرنا اور نہ ہی کسی کو جواب دینا ہے۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سلمان علی آغا نے کہا کہ میرے لیے تینوں فارمیٹس میں پرفارم کرنا اہم ہے، خوش قسمتی سے ون ڈے کرکٹ میں میری کارکردگی زیادہ بہتر ہے، مجھے کرکٹ پسند ہے اور پاکستان کے لیے کھیلنا اچھا لگتا ہے۔سلمان علی آغا نے کہا کہ میری سنچری کے بعد سیلیبریشن بیٹے کے لیے تھی، دونوں ٹیموں نے آخری اوورز میں اچھی بیٹنگ نہیں کی، ہم اپنی ڈومیسٹک کرکٹ کو عزت نہیں دیتے، ڈومیسٹک کرکٹ میں کھیلنا اور رنز بنانا آسان نہیں۔پاکستانی کرکٹر نے کہا کہ ڈومیسٹک کرکٹ میں اچھا کھیلنے والے انٹرنیشنل کرکٹ میں بھی اچھا کھیلیں گے، ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنے والے کھلاڑیوں کو عزت دینی چاہیے۔ سلمان علی آغا نے کہا کہ گزشتہ تین ٹیسٹ میچز میرے لیے اچھے نہیں رہے، لیکن میں چار سال سے پرفارم کر رہا ہوں، انٹرنیشنل کرکٹ میں فارم واپس لانے میں کچھ وقت لگتا ہے۔



" موبائل فون کے استعمال میں تھوڑی کمی لائیں پیاروں کے ساتھ وقت گزاریں"، وسیم اکرم

روزانہ دوسروں کو بلاوجہ مختلف پیغامات اور مواد بھیجنے سے گریز کریں، کیونکہ اس سے دوسروں کو کوفت ہو سکتی ہے

کراچی (وائس آف ایشیا)پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور معروف فاسٹ بولر وسیم اکرم نے 50 سال سے زائد عمر کے افراد کو مشورہ دیا ہے کہ موبائل فون کے استعمال میں تھوڑی کمی لائیں، تاکہ اپنے پیاروں کے ساتھ معیاری وقت گزارنے اور صحت مند طرز زندگی اپنانے پر توجہ دے سکیں۔سابق کرکٹر نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر شیئر کی گئی ایک ویڈیو میں اپنی عمر کے افراد کے لیے خصوصی پیغام جاری کیا ہے۔اس پیغام میں انہوں نے موبائل فون، وائس ایپ اور سوشل میڈیا کے ذمے دارانہ استعمال کے حوالے سے اپنی جانب سے مرتب کردہ چند رہنما اصول بیان کیے ہیں۔وسیم اکرم نے 50 برس سے زائد عمر کے افراد کو مخاطب کرتے ہوئے مشورہ دیا ہے کہ آپ لوگ روزانہ دوسروں کو بلاوجہ مختلف پیغامات اور مواد بھیجنے سے گریز کریں، کیونکہ اس سے دوسروں کو کوفت ہو سکتی ہے، ان کے فون کی اسٹوریج بھر سکتی ہے اور انہیں غیر ضروری پیغامات دیکھنے پر مجبور ہونا پڑ سکتا ہے۔غیر ضروری پیغامات خصوصاً گڈ مارننگ، گڈ نائٹ جیسے پیغامات پر اظہار برہمی کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ لوگوں کی توجہ برقرار رکھنے کی صلاحیت کم ہوتی جا رہی ہے، اس کے ساتھ ہی طویل ویڈیوز بھیجنے سے بھی گریز کرنے کا مشورہ دیا ہے۔وسیم اکرم نے کہا کہ آدھے گھنٹے کی ویڈیو کون دیکھنا چاہے گا؟ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ ویڈیو کتنی اہم ہے، کوئی اسے نہیں دیکھے گا، اس لیے 2 منٹ سے زیادہ دورانیے کی ویڈیوز نہ بھیجیں۔انہوں نے کہا کہ ان مشوروں پر عمل کرنے والے لوگ بعد میں میرے شکر گزار ہوں گے۔سابق کپتان نے تسلیم کیا کہ جنریشن الفا اور جنریشن زی کے لیے دن رات موبائل فون استعمال کرنا معمول کی بات ہو سکتی ہے کیونکہ ان نسلوں نے ڈیجیٹل دور میں آنکھ کھولی ہے، تاہم بڑی عمر کے افراد کے لیے یہ ضروری نہیں ہے کہ انہیں بھی ہر وقت موبائل فون پر دستیاب رہنا ضروری ہے۔اپنی زندگی کی مثال دیتے ہوئے سابقہ کھلاڑی نے بتایا کہ میں بھی پہلے موبائل فون پر وقت گزارتا، ریلز شیئر کرتا اور پیغامات کے جواب دیتا تھا، تاہم میں اس استعمال کو ایک حد تک رکھتا تھا۔دوسری جانب وسیم اکرم کی آسٹریلوی نژاد اہلیہ شنیرا اکرم نے مذکورہ ویڈیو کے جواب میں ایک ویڈیو جاری کی ہے۔شنیرا اکرم نے اپنی ویڈیو میں ہلکے پھلکے انداز میں کہا ہے کہ 50 سال سے کم عمر کے افراد پیغامات بھیجنا جاری رکھ سکتے ہیں۔

ریال میڈرڈ نے ہسپانوی فٹ بال لیگ میں سیویلا کو 1-4 سے شکست دے دی



میڈرڈ(وائس آف ایشیا)ریال میڈرڈ نے سٹار کھلاڑی ونیسیس جونیئر کی عدم موجودگی کے باوجود شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے ہسپانوی فٹ بال لیگ میں سیویلا کو 1-4 سے شکست دے دی،اس کامیابی کے بعد ریال میڈرڈ پوائنٹس ٹیبل پر سرفہرست بارسلونا سے 6 پوائنٹس پیچھے رہ گئی ہے،دونوں روایتی حریف آئندہ ہفتے سیزن کے پہلے ال کلاسیکو میں آمنے سامنے ہوں گے۔ریال میڈرڈ کی جانب سے اردا گولر نے 30ویں منٹ میں پہلا گول کیا جبکہ کیلین ایمباپے نے کچھ ہی دیر بعد دوسرا گول کر کے برتری دگنی کر دی۔ کیلین ایمباپے نے 63ویں منٹ میں پنالٹی پر اپنا دوسرا اور ٹیم کا تیسرا گول بھی سکور کیا۔ سیویلا کے ماتو بوئینو نے 80ویں منٹ میں خسارہ کم کیا، تاہم یان دیوماندے نے اختتام سے 8 منٹ قبل گول کر کے ریال میڈرڈ کی فتح یقینی بنا دی۔ ونیسیس جونیئر 4 میچوں کی پابندی کے باعث اس مقابلے میں شریک نہیں ہوئے۔اس فتح کے ساتھ ہی ریال میڈرڈ کے 9 میں سے 7 میچز میں کامیابی کے بعد 22 پوائنٹس ہوگئے ہیں اور وہ پوائنٹس ٹیبل پر دوسرے نمبر پر موجود ہے۔ بارسلونا کی ٹیم سب سے زیادہ 27 پوائنٹس کے ساتھ ٹیبل پر ٹاپ پوزیشن پر براجمان ہے۔

این سی ینگ نے جاپان کی اکانے یاماگوچی کو شکست دے کر تاریخ رقم کر دی

24 سالہ این سی ینگ نے اس فتح کے ساتھ ہی اپنا 47 واں بین الاقوامی ٹائٹل اپنے نام کر لیا

اوڈینس(وائس آف ایشیا)جنوبی کوریا کی عالمی نمبر ون بیڈمنٹن کھلاڑی این سی ینگ نے ڈنمارک بیڈمنٹن اوپن ٹورنامنٹ میں خواتین کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میں جاپان کی اکانے یاماگوچی کو شکست دے کر تاریخ رقم کر دی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق 24 سالہ این سی ینگ نے اس فتح کے ساتھ ہی اپنا 47 واں بین الاقوامی ٹائٹل اپنے نام کر لیا اور بیڈمنٹن کی تاریخ میں سب سے زیادہ ٹائٹل جیتنے والی ویمنز کھلاڑی بن گئیں۔ارینا فین اوڈینس، ڈنمارک میں کھیلے گئے ویمنز سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ میں 24 سالہ این سی ینگ نے سنسنی خیز مقابلے میں پہلا گیم 21-23 سے ہارنے کے بعد شاندار واپسی کی اور اگلے سٹریٹ سیٹس میں 14-21 اور 21-18 سے جیت کر مقابلہ اپنے نام کر لیا۔ 78 منٹ جاری رہنے والے اس مقابلے کے فیصلہ کن گیم میں وہ 5-11 سے پیچھے تھیں، تاہم مسلسل عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے فتح حاصل کر لی۔اس کامیابی کے ساتھ انہوں نے انڈونیشیا کی سابق عظیم کھلاڑی سوسی سوسانتی کو پیچھے چھوڑ دیا۔ یہ رواں سیزن میں ان کا 9واں سنگلز ٹائٹل ہے جبکہ رواں سال ان کی فتوحات کی تعداد 61 ہو گئی ہے اور انہیں صرف 1 شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے۔



آنکھ کی سرجری سے بینائی ضائع ہونے کا خدشہ تھا، اے بی ڈی ویلیئرز

میرے بیٹے نے غلطی سے اپنی ایڑی میری آنکھ پر مار دی تھی ،2 سال آنکھ کے پردے کی تکلیف کے ساتھ کھیلتا رہا، انکشاف

پیٹرز برگ (وائس آف ایشیا)جنوبی افریقا کے سابق کپتان اے بی ڈی ویلیئرز نے انکشاف کیا ہے کہ ڈاکٹروں نے مجھے خبردار کیا تھا کہ دائیں آنکھ کے پردے کے اپنی جگہ سے ہٹ جانے کے باعث میں بینائی سے محروم ہو سکتا تھا۔ایک پوڈکاسٹ میں انجری کے ساتھ کرکٹ کھیلنے سے متعلق سوال پر اے بی ڈی ویلیئرز نے بتایا کہ کچھ عرصہ قبل میری آنکھ کی سرجری ہوئی تھی، دائیں آنکھ میری غالب آنکھ نہیں تھی، اس لیے اس انجری نے کرکٹ پر زیادہ اثر نہیں ڈالا۔انہوں نے بتایا کہ انڈین پریمیئر لیگ کے دوران خصوصاً رات کے وقت دائیں آنکھ کی بینائی دھندلا جاتی تھی، کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کے بعد میں نے آنکھ کا معائنہ کرایا کیونکہ میں اپنے کھیلنے کے دنوں میں سرجری نہیں کرانا چاہتا تھا۔اے بی ڈی ویلیئرز کے مطابق ڈاکٹروں نے معائنے کے دوران آنکھ کے پردے کے اپنی جگہ سے ہٹ جانے کی تشخیص کی اور اگلے ہی روز آپریشن کر دیا، ڈاکٹروں نے خبردار کیا تھا کہ میں اپنی بینائی بھی کھو سکتا تھا۔دسمبر 2023، میں انہوں نے انکشاف کیا تھا کہ میرے بیٹے نے غلطی سے اپنی ایڑی میری آنکھ پر مار دی تھی اور میں اپنے کیریئر کے آخری 2 سال آنکھ کے پردے کی اس تکلیف کے ساتھ کھیلتا رہا۔واضح رہے کہ اے بی ڈی ویلیئرز نے 2018، میں بین الاقوامی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ لی تھی تاہم وہ 2021، تک انڈین پریمیئر لیگ میں رائل چیلنجرز بنگلورو کی نمائندگی کرتے رہے۔شائقین انہیں مسٹر 360 کے نام سے جانتے ہیں، کیونکہ وہ میدان کے چاروں جانب شاٹس کھیلنے کی غیر معمولی صلاحیت رکھتے تھے۔انہوں نے 114 ٹیسٹ میچوں میں 50.66 کی اوسط سے 8 ہزار 765 رنز بنائے، جن میں 22 سنچریاں شامل تھیں، ٹیسٹ کرکٹ میں ان کا بہترین انفرادی اسکور ناٹ آؤٹ 278 رنز رہا۔اے بی ڈی ویلیئرز ون ڈے کرکٹ میں تیز ترین نصف سنچری، سنچری اور 150 رنز بنانے کے ریکارڈ بھی رکھتے ہیں۔وہ 3 مرتبہ آئی سی سی ون ڈے پلیئر آف دی ایئر کا ایوارڈ بھی جیت چکے ہیں۔



بیدیاں روڈ کے مکینوں کو والٹن کنٹونمنٹ بورڈ کا خوبصورت تحفہ، ایک کلومیٹر طویل سڑک کارپٹ مکمل




لاہور سے (ساجد عباسی) چیف ایگزیکٹو آفیسر والٹن کنٹونمنٹ بورڈ جناب عثمان عارف صاحب کی ہدایات پر بیدیاں روڈ، نزد حاجی سویٹس، تقریباً ایک کلومیٹر طویل سڑک کی ازسرِنو کارپٹنگ مکمل کر لی گئی، جسے اہلِ علاقہ کے لیے ایک خوبصورت تحفے سے تعبیر کیا جا رہا ہے نئی کارپٹ سڑک کی تعمیر سے علاقہ مکینوں کو آمد و رفت میں بہتر سہولت میسر آئے گی، جبکہ سڑک کی خوبصورتی اور معیار کو بھی شہریوں نے سراہا ہے۔ اہلِ علاقہ نے اس عوامی سہولت کی فراہمی پر چیف ایگزیکٹو آفیسر والٹن کنٹونمنٹ بورڈ عثمان عارف صاحب کا خصوصی شکریہ ادا کیا شہریوں نے سڑک کی تعمیر میں حصہ لینے والے متعلقہ محکموں کے افسران اور عملے کی کاوشوں کو بھی خراجِ تحسین پیش کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ایسے ترقیاتی اقدامات خوش آئند ہیں اہلِ علاقہ نے امید ظاہر کی کہ والٹن کنٹونمنٹ بورڈ آئندہ بھی شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے اور علاقے کی خوبصورتی میں اضافے کے لیے اپنی کاوشیں جاری رکھے گا۔

KL20 کانفرنس میں چوہدری نثار احمد خان کی شرکت، ملائیشیا کے تین اہم وزرا سے ملاقاتیں

کوالالمپور (نمائندہ خصوصی) پاکستان مسلم لیگ (ن) ملائیشیا چیپٹر کے صدر اور پاک ملائیشیا بزنس ایسوسی ایٹس کے صدر چوہدری نثار احمد خان نے کوالالمپور میں منعقدہ KL20 کانفرنس میں شرکت کی، جہاں ان کی ملائیشیا کے وزیرِ معیشت یو رینگ اکمل نصر اللہ بن محمد ناصر، نائب وزیرِ خزانہ لیو چن ٹونگ اور وزیرِ سائنس، ٹیکنالوجی و جدت داتوک چانگ لیہ کانگ سے ملاقاتیں ہوئیں۔ اس موقع پر پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے، دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری، جدید ٹیکنالوجی اور کاروباری تعاون کے فروغ کی اہمیت اجاگر کی گئی۔ چوہدری نثار احمد خان نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان مضبوط کاروباری روابط دونوں ممالک کے سرمایہ کاروں اور کاروباری برادری کے لیے نئے مواقع پیدا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے KL20 جیسے بین الاقوامی فورمز کو اقتصادی تعاون، جدت اور کاروباری شراکت داری کے فروغ کے لیے اہم قرار دیا۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی اور تجارتی روابط میں مزید وسعت پیدا ہوگی اور پاکستانی کاروباری برادری ملائیشیا کے ساتھ تعاون کے نئے مواقع سے فائدہ اٹھا سکے گی۔



اختیارات کی منتقلی کا خسارہ یا کمی



معاشی، انتظامی اور سیاسی تناظر میں "Devolution Deficit" (اختیارات کی منتقلی کا خسارہ یا کمی) سے مراد وہ خلا یا نااہلی ہے جو مرکز یا صوبوں سے نچلی سطح (مقامی حکومتوں، اضلاع اور نچلی اکائیوں) کو مالی اور انتظامی اختیارات منتقل کرتے وقت پیدا ہوتی ہے۔ آیئے اس اصطلاح کو اردو میں تفصیل سے سمجھتے ہیں:

"Devolution" مطلب ہے وفاق سے ...

اختیارات کی اصل منتقلی رک جاتی ہے۔ قوانین میں ایسے نقائص چھوڑ دیے جاتے ہیں جن کی وجہ سے مقامی نمائندے آزادانہ فیصلے نہیں کر سکتے۔ اختیارات تو نچلی سطح پر منتقل کر دیے جاتے ہیں لیکن ان کو چلانے کے لیے تربیت یافتہ عملہ اور فنڈز فراہم نہیں کیے جاتے۔

اس کے نقصانات اور اثرات

عوامی مسائل کا حل میں تاخیر: چھوٹے چھوٹے مسائل) جیسے صفائی، پانی، گلی سڑکیں (کے لیے بھی نچلی سطح کے لوگوں کو صوبائی دارالحکومت یا بڑے دفاتر کے چکر لگانے پڑتے ہیں۔

جمود اور سستی کارکردگی: مقامی سطح پر قیادت ہونے کے باوجود نچلی سطح پر ڈائریکٹ گورننس متاثر ہوتی ہے۔ پالیسی سازی میں زمینی حقائق سے دوری: جب فیصلے مرکز میں بیٹھ کر کیے جائیں اور نچلی اکائیوں کی آرا شامل نہ ہوں، تو پالیسیاں ناکام ہو جاتی ہیں۔

آئینی ضمانت اور تحفظ: مقامی حکومتوں کو آئینی طور ...

سیاسی عدم استحکام، مہنگائی اور عوام کا کڑا امتحان۔۔۔۔۔تحریر: حمید علی



پاکستان اس وقت سیاسی عدم استحکام، معاشی دباؤ، ناقص طرزِ حکمرانی اور عوامی مشکلات کے ایک ایسے دور سے گزر رہا ہے جہاں عام آدمی کے لیے زندگی گزارنا روز بہ روز دشوار ہوتا جا رہا ہے۔ ایک طرف سیاسی محاذ آرائی، غیر یقینی صورتِ حال اور انتظامی کمزوریاں ملکی ترقی کی راہ میں رکاوٹ بن رہی ہیں تو دوسری طرف مہنگائی، بجلی کے بھاری بل، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ اور گیس کی لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن کر دی ہے۔ حالات کی ستم ظریفی دیکھیے کہ ابھی سردیوں نے باقاعدہ دستک بھی نہیں دی اور گیس کی طویل بندش نے گھریلو زندگی کو متاثر کرنا شروع کر دیا ہے۔ ایسے میں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب موسمِ سرما کی ابتدا ہی میں یہ صورتِ حال ہے تو آنے والے مہینوں میں کم آمدنی والے خاندان کس طرح اپنی بنیادی ضروریات پوری کریں گے؟

سیاسی استحکام کسی بھی ملک کی معاشی ترقی اور انتظامی بہتری کے لیے بنیادی شرط ہوتا ہے۔ جب سیاسی قوتیں قومی مفادات پر اتفاقِ رائے پیدا کرنے کے ...

گیس کی صورتِ حال اس انتظامی ناکامی کی ایک نمایاں مثال ہے۔ سردیوں میں گیس کی طلب بڑھنا کوئی نئی بات نہیں۔ ہر سال موسمِ سرما آتا ہے اور ہر سال گیس کی قلت کے خدشات سامنے آتے ہیں۔ اس کے باوجود مستقل اور دیرپا منصوبہ بندی کیوں نظر نہیں آتی؟ اگر گیس کی طلب اور رسد کے فرق کا علم پہلے سے موجود ہے تو اس مسئلے سے نمٹنے کے لیے مؤثر انتظامات کیوں نہیں کیے جاتے؟ سردیوں کی آمد سے قبل ہی طویل دورانیے کی لوڈشیڈنگ کا آغاز، گھریلو صارفین کے لیے شدید پریشانی کا باعث بنتا ہے۔

ایک عام مزدور، دیہاڑی دار یا کم آمدنی والے ملازم کی زندگی کا تصور کیجیے۔ وہ صبح سویرے روزگار کے ...

بلند حوصلہ۔۔۔۔۔ازقلم: شازیہ یاسین



آخر رشوت ہی کیوں؟۔۔۔۔۔ازقلم: ایس اے شازم



آزادی نان ونفقہ اور بکھرتے بندھن



چوہدری احسان بریار قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب ہم آہنگی کے چیف میڈیا ایڈوائزر تحصیل ڈسکہ مقرر

جس میں شہر اور گردونواح سے تعلق رکھنے والی سیاسی، سماجی، پولیس اور صحافتی شخصیات نے شرکت کی



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر) قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب ہم آہنگی، حکومتِ پاکستان کے فیڈرل چیئرمین عظمت علی غوری نے چوہدری احسان اللہ بریار کو تحصیل ڈسکہ کے لیے چیف میڈیا ایڈوائزر مقرر کر دیا۔ اس موقع پر انہوں نے چوہدری احسان بریار کو اتھارٹی لیٹر پیش کیا۔ اس سلسلے میں ایک پروقار تقریب چوہدری احسان بریار کی رہائش گاہ، گولڈ لینڈ گارڈن ٹاؤن، آدکے چیمہ میں منعقد ہوئی، جس میں شہر اور گردونواح سے تعلق رکھنے والی سیاسی، سماجی، پولیس اور صحافتی شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب میں چوہدری سجاد بریار، رانا وقاص احمد، چوہدری عدنان حیدر وڑائچ، حافظ مبشر علی، کرن چوہدری، آکاش علی، انسپکٹر رانا صلاح الدین انچارج سی سی ڈی سرکل پسرور، انسپکٹر محمود الحسن انچارج سی آئی اے گوجرانوالہ، سب انسپکٹر راشد وسیم انچارج چوکی جاکے چیمہ، غضنفر سرفراز وڑائچ (ایکسپریس نیوز)، سید رضوان مہندی، رانا ذوالفقار علی سابقہ چیئرمین یونین کونسل مالو مہے، چوہدری طالب ساہی، چوہدری یاسر ٹھکرا، مہے، چوہدری مقصود تحلہ، چوہدری اعجاز گھنگ اور سیاسی و سماجی شخصیت ملک عصمت اللہ المعروف ملک ماجو سمیت دیگر معززین موجود تھے۔ اس موقع پر چوہدری احسان بریار نے فیڈرل چیئرمین عظمت علی غوری اور تمام معزز مہمانوں کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ امن، بھائی چارے، مذہبی ہم آہنگی اور قومی یکجہتی کے فروغ کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کریں گے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فیڈرل چیئرمین عظمت علی غوری نے کہا کہ ہم شہدائے پاکستان آرمی اور شہدائے پولیس کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں۔ پاکستان میں امن کی فضا قائم رکھنے، قومی اتحاد کو مضبوط بنانے اور ملک کے روشن مستقبل کے لیے تمام طبقات کو مل کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی اور استحکام کے لیے تمام مذاہب، عقائد اور عبادت گاہوں کا احترام ناگزیر ہے۔ محبت، رواداری اور باہمی احترام کو فروغ دے کر ہی ایک مضبوط اور پرامن معاشرے کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے۔ ملک عصمت اللہ المعروف ملک ماجو کا پاک فوج کے حق میں اظہارِ خیال اس موقع پر سیاسی و سماجی شخصیت ملک عصمت اللہ المعروف ملک ماجو نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور دفاع کی علامت ہے۔ پوری قوم کو اپنی بہادر افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ شہدائے پاکستان کی قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا قابلِ فخر سرمایہ ہیں اور ملک میں امن، استحکام اور قومی یکجہتی کے لیے پوری قوم کو متحد ہو کر اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ تقریب کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ بین المذاہب ہم آہنگی، قومی اتحاد، بھائی چارے اور امن کے پیغام کو عام کرنے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔

سوشل میڈیا ایکٹیوسٹ محسن مغل کی ڈاکٹر محمد بلال بن خالد سے ملاقات ہوئی

اس موقع پر صحتِ عامہ، مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی اور دکھی انسانیت کی خدمت کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔



بوریوالا (صادق جانباز) سوشل میڈیا ایکٹیوسٹ محسن مغل کی ڈاکٹر محمد بلال بن خالد سے ملاقات خدمت انسانیت کے عزم کو سراہا۔ تفصیلات کے مطابق بوریوالا سوشل میڈیا ایکٹیوسٹ اور مغل نیوز کے چیف ایڈیٹر محسن مغل نے ماڈل ٹاؤن بوریوالا میں قائم بن خالد میڈیکل اینڈ سکن کیئر کمپلیکس کے روحِ رواں ایم بی بی ایس گولڈ میڈلسٹ ڈاکٹر محمد بلال بن خالد سے ملاقات کی۔ اس موقع پر صحتِ عامہ، مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی اور دکھی انسانیت کی خدمت کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر محمد بلال بن خالد نے کہا کہ طب محض ایک پیشہ نہیں بلکہ انسانیت کی خدمت اور دکھی انسانوں کے دکھوں کا مداوا کرنے کا ایک عظیم ذریعہ ہے ہماری کوشش ہے کہ ہر مریض کو معیاری طبی سہولیات کے ساتھ ساتھ اچھا اخلاق، توجہ اور خلوص بھی فراہم کیا جائے جو اس کے حوصلے کو مضبوط کرے اور صحت یابی کے سفر میں اس کے لیے امید کا سبب بنے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک اچھے معالج کی ذمہ داری صرف بیماری کی تشخیص اور علاج تک محدود نہیں ہوتی بلکہ مریض کے درد کو سمجھنا، اس کی بات تحمل سے سننا اور اسے تسلی و حوصلہ دینا بھی علاج کا اہم حصہ ہے بعض اوقات ڈاکٹر کے نرم لہجے، خوش اخلاقی اور ہمدردانہ رویے سے مریض کے دل میں پیدا ہونے والا خوف کم ہو جاتا ہے اور وہ خود کو پہلے سے بہتر محسوس کرنے لگتا ہے ہماری اولین ترجیح ہے کہ ہر مریض کو عزت، توجہ اور بہترین ممکنہ طبی سہولیات فراہم کی جائیں ڈاکٹر محمد بلال بن خالد نے مزید کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت ایک عظیم ذمہ داری اور باعثِ سعادت عمل ہے اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس نے ہمیں اپنے علم اور صلاحیتوں کے ذریعے انسانوں کی خدمت کرنے کا موقع عطا کیا ہماری کوشش ہے کہ مریضوں کو علاج کے ساتھ اپنائیت، اعتماد اور امید بھی فراہم کی جائے کیونکہ مریض کے چہرے پر صحت یابی کی مسکراہٹ ہی ایک معالج کے لیے سب سے بڑی خوشی اور کامیابی ہے اس موقع پر محسن مغل نے ڈاکٹر محمد بلال بن خالد کے خوش اخلاق رویے اور مریضوں کے ساتھ ہمدردانہ طرزِ عمل کو سراہتے ہوئے کہا کہ معاشرے میں ایسے معالجین قابلِ قدر ہیں جو اپنے پیشہ ورانہ فرائض کی ادائیگی کے ساتھ انسانیت کی خدمت کو بھی اپنا نصب العین بناتے ہیں مریضوں کے ساتھ شفقت احترام اور خلوص کا برتاؤ کرنے والا ڈاکٹر حقیقی معنوں میں مسیحا کے مقام تک پہنچتا ہے۔

صحافیوں کے خلاف مبینہ جھوٹے مقدمات اور تشدد پر صحافی تنظیموں کا احتجاج

اعلیٰ حکام اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ عدالتی ریکارڈ کی روشنی میں تحقیقات کر کے ذمہ داروں کیخلاف قانونی کارروائی کی جائے



نوشہرو فیروز (محبت علی ملک) صحافیوں کو جھوٹے مقدمات اور مبینہ تشدد کیخلاف صحافی تنظیمیں سراپا احتجاج، پاکستان جرنلسٹ ویلفیئر فورم، محراب پور پریس کلب، نیشنل پریس کلب کے زیرِ اہتمام منور احمد ملک، سرفراز نواز کی قیادت میں میرپور خاص کے صحافیوں علی رضا رند، فلک شیر اور عمران ملک کیخلاف مبینہ جھوٹے مقدمات، دورانِ حراست تشدد، اہلِ خانہ کو ہراساں اور مقدمات میں نامزد کرنے پر احتجاجی مظاہرہ کرتے ہوئے غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ کیا پی جے ڈبلیو ایف کے رہنما محمد سلیم مغل نے مطابق حق و سچ لکھنے کی پاداش میں صحافیوں کیساتھ ان کے اہلِ خانہ کو ہراساں کیا جا رہا ہے سندھ ہائی کورٹ حیدرآباد سرکٹ میں 14 اور 15 اکتوبر کو ہونے والی سماعتوں کے دوران اینٹی کرپشن کے مقدمات اور فلک شیر کی بہنوں کیخلاف درج مقدمات سے متعلق اہم قانونی سوالات اٹھائے، اس موقع پر صحافیوں نے حکومتِ سندھ، پولیس کے اعلیٰ حکام اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ عدالتی ریکارڈ کی روشنی میں تحقیقات کر کے ذمہ داروں کیخلاف قانونی کارروائی کی جائے بصورت دیگر احتجاج کا دائرہ کار بڑھایا جائے گا۔

ہالانی پولیس تھانہ کی حدود میں مبینہ پولیس مقابلہ میں رہزن ہاف فرائی

پولیس پر فائرنگ کی جوابی پولیس فائرنگ میں نوجتوئی کے رہائشی مختیار کھوسو ولد علی شیر کھوسو کو گرفتار کرلیا



نوشہرو فیروز (ڈسٹرکٹ رپورٹر) مبینہ پولیس مقابلہ میں رہزن ہاف فرائی، ہالانی پولیس تھانہ کی حدود میں محراب پور رابطہ سڑک لنک روڈ پر مختیار کھوسو کو پولیس نے زخمی حالت میں اسلحہ سمیت گرفتار کرنے کا دعویٰ کیا ہے پولیس کے مطابق کیلے کے باغ کے ساتھ ڈکیتی کی نیت سے کھڑے رہزنوں نے پولیس پر فائرنگ کی جوابی پولیس فائرنگ میں نوجتوئی کے رہائشی مختیار کھوسو ولد علی شیر کھوسو کو گرفتار کرلیا ہے جسے اسپتال منتقل کرکے پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے۔

ٹریکٹر ٹرالی کی زد میں آکر مسمات ش زوجہ طالب حسین آرائیں جاں بحق ہوگئی

نعش ضروری کارروائی بعد ورثا حوالے کر دی ہے، ڈرائیور کو گرفتار کر کے پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے۔



نوشہرو فیروز (آئی این پی) حادثے میں خاتون جاں بحق، بھریا روڈ پولیس تھانہ کی حدود میں ٹریکٹر ٹرالی کی زد میں آکر مسمات ش زوجہ طالب حسین آرائیں جاں بحق ہوگئی، پولیس کے مطابق جاں بحق خاتون کا تعلق گاؤں لعل الدین آرائیں سے تھا، نعش ضروری کارروائی بعد ورثا حوالے کردی ہے، ڈرائیور کو گرفتار کر کے پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے۔

نوجوان نے گھریلو ناراضگی کے باعث زہریلی گولیاں کر خودکشی کرلی

پولیس کے مطابق نعش ضروری کارروائی بعد ورثا حوالے کر دی ہے پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے۔



نوشہرو فیروز (ایف اے آئی) دلبرداشتہ نوجوان نے خودکشی کرلی، سیکیوں شہر کے رہائشی رحمت اللہ کلہوڑو ہوٹل والے کے بیٹے عرفان کلہوڑو نے گھریلو ناراضگی کے باعث زہریلی گولیاں کھا کر اپنی زندگی کا چراغ گل کرلیا، لڑکے کی خودکشی سے گھر میں کہرام مچ گیا، پولیس کے مطابق نعش ضروری کارروائی بعد ورثا حوالے کردی ہے پولیس مزید تفتیش کر رہی

حادثے میں زخمی معصوم طالبہ زخموں کی تاب نہ سہتے ہوئے زندگی کی بازی ہار گئی

نعش گھر پہنچنے پر کہرام مچ گیا، علاقہ مکینوں نے موٹر سائیکل سوار کی گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے۔



نوشہرو فیروز (محبت ملک) حادثے میں زخمی معصوم طالبہ دورانِ علاج زخموں کی تاب نہ سہتے ہوئے زندگی کی بازی ہار گئی، محبت ڈیرو جتوئی پولیس تھانہ کی حدود میں دوروز قبل درجہ دوئم کی سات سالہ طالبہ سویرا قریشی بنت علی اکبر قریشی گھر کے باہر تیز رفتار موٹر سائیکل کی زد میں آکر شدید زخمی ہوگئی تھی، جسے کمس اسپتال کمپٹ منتقل کیا گیا جہاں پر وہ دورانِ علاج دم توڑ گئی، نعش گھر پہنچنے پر کہرام مچ گیا، علاقہ مکینوں نے موٹر سائیکل سوار کی گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے۔

لال سوہانرا نیشنل پارک زبوں حالی کا شکار، کروڑوں کے بجٹ کے باوجود بنیادی سہولیات ناپید

آخر ترقیاتی بجٹ کہاں خرچ ہو رہا ہے لال سوہانرا نیشنل پارک کبھی سیاحوں اور مقامی شہریوں کی توجہ کا مرکز ہوا کرتا تھا۔

بہاول پور (ایم اقبال انجم سے) لال سوہانرا نیشنل پارک: کبھی رونقوں کا مرکز، آج زبوں حالی کا شکار! کروڑوں روپے کے بجٹ کے باوجود بنیادی سہولیات ناپید، کینٹین بند، جھولے غائب اور تفریحی مقامات ٹوٹ پھوٹ کا شکار! آخر ترقیاتی بجٹ کہاں خرچ ہو رہا ہے؟ لال سوہانرا نیشنل پارک کبھی سیاحوں اور مقامی شہریوں کی توجہ کا مرکز ہوا کرتا تھا۔ اگرچہ ماضی میں سہولیات محدود تھیں، لیکن اس کے باوجود پارک کی رونقیں، تفریحی ماحول اور عوامی دلچسپی قابلِ دید تھی۔ لوگ اپنے اہلِ خانہ کے ہمراہ یہاں آتے، سیر و تفریح کرتے اور خوشگوار یادیں لے کر واپس جاتے تھے۔ مگر افسوس کہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ پارک کی رونقیں ماند پڑتی گئیں۔ آج صورتِ حال یہ ہے کہ کینٹین بند، تفریحی سرگرمیاں محدود، جھولے غائب اور متعدد سہولیات ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں۔ یہاں تک کہ سیاحوں کے لیے پینے کے صاف پانی جیسی بنیادی سہولت کی دستیابی بھی سوالیہ نشان بنی ہوئی ہے۔ سب سے بڑا سوال یہ ہے کہ اتنے بڑے رقبے پر پھیلے اس قومی پارک کے لیے بجٹ مختص ہونے کے باوجود بہتری کے بجائے زبوں حالی کیوں بڑھ رہی ہے؟ اگر پارک پر کروڑوں روپے خرچ کیے جا رہے ہیں تو ان اخراجات کے ثمرات عوام کو نظر کیوں نہیں آتے آخر کون سی سہولت بہتر ہوئی، کون سا تفریحی منصوبہ مکمل ہوا اور پارک کی بحالی کے لیے کیا عملی اقدامات کیے گئے لال سوہانرا نیشنل پارک صرف ایک تفریحی مقام نہیں بلکہ بہاولپور کی پہچان اور ایک اہم قدرتی اثاثہ بھی ہے۔ اس کی بہتری، صفائی، بنیادی سہولیات کی بحالی اور سیاحوں کے لیے مناسب انتظامات کرنا متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے۔ عوامی حلقوں کا مطالبہ ہے کہ پارک کے لیے مختص بجٹ، ترقیاتی منصوبوں اور اخراجات کی تفصیلات سامنے لائی جائیں، بند کینٹین کو فعال کیا جائے، جھولوں اور دیگر تفریحی سہولیات کو بحال کیا جائے اور پینے کے صاف پانی سمیت تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ آخر میں سوال یہی ہے کہ اگر ماضی میں محدود وسائل کے باوجود پارک میں رونقیں قائم رہ سکتی تھیں تو آج بڑے بجٹ کے باوجود یہ صورتِ حال کیوں ہے؟ متعلقہ حکام کو اس معاملے کا نوٹس لے کر پارک کی بحالی کے لیے عملی اقدامات کرنے چاہییں، تاکہ لال سوہانرا نیشنل پارک دوبارہ اپنی سابقہ رونقیں حاصل کر سکے۔ اللہ ہی ہمارے اداروں پر رحم فرمائے!

وہاڑی سیشن عدالت نے ڈھائی کلو منشیات برآمدگی کے ملزم کو مقدمے سے بری کردیا

ضلع کچہری کے نوجوان وکیل مہر عبداللطیف پڑھیار نے اس کی بے قصوری بارے بہترین دلائل اور پکے شواہد پیش کیے



وہاڑی (محمد نعیم سے) وہاڑی میں سیشن عدالت نے ڈھائی کلو منشیات برآمدگی کے ملزم کو مقدمے سے باعزت بری کر دیا ہے ٹھینگی تھانے میں درج FIR نمبر 776/25 میں چکڑالہ 101WB کے رہائشی رحمت ولد بوٹا عرف طاہری ٹل آرائیں پر 2420 گرام چرس برائے فروخت رکھنے کا الزام تھا ضلع کچہری کے نوجوان وکیل مہر عبداللطیف پڑھیار نے اس کی بے قصوری بارے بہترین دلائل اور پکے شواہد پیش کیے جس پر ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد عباس نے کیس کا فیصلہ سناتے ہوئے ملزم کو مقدمے سے بری کردیا۔

پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن، مزید 2 ملزمان گرفتار، شراب اور ناجائز اسلحہ برآمد

ایس ایچ او تھانہ بھاگٹانوالہ اسامہ اسد نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی



بھاگٹانوالہ (محمد شفیق) تھانہ بھاگٹانوالہ پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے مزید دو ملزمان کو گرفتار کر کے ایک ملزم کے قبضے سے 20 لیٹر شراب جبکہ دوسرے سے 30 بور پسٹل برآمد کرلیا۔ پولیس نے گرفتار ملزمان تنویر اور عدنان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے قانونی کارروائی شروع کر دی ہے۔ ایس ایچ او تھانہ بھاگٹانوالہ اسامہ اسد نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی اور گرفتار ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں لا کر قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

اسسٹنٹ کمشنر سرگودھا احمد شیر گوندل کا گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین بھاگٹانوالہ کا دورہ

اسسٹنٹ کمشنر احمد شیر گوندل نے کالج انتظامیہ کو درپیش دیرینہ مسائل کے حل کے لیے فوری اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔



بھاگٹانوالہ (محمد شفیق) کمشنر سرگودھا حافظ شوکت علی کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر سرگودھا احمد شیر گوندل نے گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین بھاگٹانوالہ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کالج کی چار دیواری سمیت دیگر اہم بنیادی ڈھانچے کے مسائل کا جائزہ لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر احمد شیر گوندل نے کالج انتظامیہ کو درپیش دیرینہ مسائل کے حل کے لیے فوری اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔ کالج انتظامیہ نے کمشنر سرگودھا حافظ شوکت علی اور اسسٹنٹ کمشنر احمد شیر گوندل کی خصوصی توجہ، تعاون اور مسائل کے حل کے لیے عملی دلچسپی کو سراہتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا۔ کالج انتظامیہ نے امید ظاہر کی کہ متعلقہ حکام کی توجہ سے ادارے کو درپیش بنیادی مسائل جلد حل ہوں گے، جس سے طالبات کو بہتر تعلیمی ماحول فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت آن سورس ریونیو سے جاری ترقیاتی سکیموں کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا

اجلاس میں 58 کروڑ 82 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 6 ترقیاتی سکیموں کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔



وہاڑی (عبدالغفار) ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ کی زیر صدارت آن سورس ریونیو سے جاری ترقیاتی سکیموں کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں ترقیاتی منصوبوں کی منظوری، ٹینڈرز کے اجرا، تکنیکی مراحل اور عملی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں 58 کروڑ 82 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 6 ترقیاتی سکیموں کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ٹینڈرز اور تکنیکی مراحل بروقت مکمل کیے جائیں تاکہ ترقیاتی منصوبوں پر عملی کام میں تیزی لائی جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے مزید کہا کہ 5 ترقیاتی سکیموں کے ٹینڈرز جبکہ 3 سکیموں کی ٹیکنیکل ایویلیوایشن کا عمل جاری ہے۔ بوریوالا میں ڈی ایم روڈ تا معصوم شاہ روڈ لنک روڈ کی بحالی کا کام 3 کروڑ 28 لاکھ روپے کی لاگت سے شروع کر دیا گیا ہے، جبکہ میلسی میں ریلوے کراسنگ سے اے ڈی ایل جی آفس تک سڑک کی تعمیر و بحالی کی سکیم 5 کروڑ 23 لاکھ روپے کی لاگت سے زیرِ عمل ہے۔ رتہ بہ تا ملکی موڑ سڑک کی بحالی اور تعمیرِ مرمت پر 37 کروڑ 94 لاکھ روپے سے زائد لاگت آئے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ تبہ سلطان پور، جلا جیم، کرم پور اور فدا ڈسپوزل ورکس کی سولرائزیشن کے لیے 2 کروڑ 66 لاکھ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ میاں پکھی تا چک نمبر 198 ای بی سڑک کی خصوصی مرمت کا ورک آرڈر بھی 6 کروڑ 19 لاکھ روپے کی لاگت سے زیرِ عمل ہے، جبکہ جلا جیم سپورٹس اسٹیڈیم کی بحالی کے لیے ساڑھے 3 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے کہا کہ عوام کو بہتر سفری سہولیات اور معیاری شہری انفراسٹرکچر کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی ترجیح ہے۔ تمام ترقیاتی سکیمیں مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں اور منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ محمد افضال، میونسپل آفیسر انفراسٹرکچر اینڈ سروسز نعیم شہزاد اور ڈپٹی ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز میاں نعیم عاصم بھی موجود تھے۔

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت سکول ایجوکیشن کی ڈسٹرکٹ ہارڈشپ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا

ہارڈشپ رولز کے تحت کمیٹی نے 252 درخواستوں پر اساتذہ کے تبادلوں کیلئے سفارشات تیار کیں



وہاڑی (عبدالغفار) ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ کی زیر صدارت سکول ایجوکیشن کی ڈسٹرکٹ ہارڈشپ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اساتذہ کی جانب سے ٹرانسفر کیلئے دی گئیں 554 درخواستوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی ہارڈشپ رولز کے تحت کمیٹی نے 252 درخواستوں پر اساتذہ کے تبادلوں کیلئے سفارشات تیار کیں اجلاس میں تدریسی عملے کی ہارڈشپ ٹرانسفر کی درخواستوں پر تبادلہ کی وجوہات اور متعلقہ دستاویزات کا تفصیلی جائزہ لے کر سفارشات تیار کی گئیں حکومت پنجاب کی پالیسی کے تحت بیوہ، طلاق یافتہ خواتین ٹیچر، معذور، میڈیکل گراؤنڈ، ویڈ لاک، سنگل پیرنٹ کے کیسز کی منظوری دی گئی ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے کہا کہ تمام کیسز کو میرٹ اور شفافیت کے مطابق تیار کیا جائے حکومت پنجاب اساتذہ کو بہتر سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے۔ اساتذہ اپنے فرائض دلجمعی اور احسن انداز سے ادا کریں اس موقع پر ڈی سی سوشل سروسز مرزا راحیل بیگ، سی ای او ایجوکیشن ناصر عزیز، ڈی ای او سیکنڈری شازیہ انور، ڈپٹی ڈی ای او سیکنڈری یاسر عرفات، ڈی ڈی پی آر میاں نعیم عاصم، ڈی ڈی لوکل گورنمنٹ شہزاد بشیر، ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر احمد نواز و دیگر افسران موجود تھے۔

مبینہ رشوت طلبی کے معاملے میں مقدمہ درج، اینٹی کرپشن حرکت میں آ گئی

درخواست میں الزام عائد کیا گیا تھا کہ این او سی کے حصول کے لیے پہلے 10 لاکھ روپے اور بعد ازاں مبینہ طور پر 35 لاکھ روپے طلب کیے گئے

بورے والا (صادق جانباز) مبینہ رشوت طلبی کے معاملے میں مقدمہ درج، اینٹی کرپشن حرکت میں آ گئی پٹرول پمپ کے این او سی کے اجرا کے لیے مبینہ طور پر رشوت طلب کرنے کا معاملہ سنگین رخ اختیار کر گیا۔ درخواست گزار کی شکایت پر مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ درخواست میں الزام عائد کیا گیا تھا کہ این او سی کے حصول کے لیے پہلے 10 لاکھ روپے اور بعد ازاں مبینہ طور پر 35 لاکھ روپے طلب کیے گئے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ تفتیش میں کیا حقائق سامنے آتے ہیں اور مبینہ طور پر ملوث عناصر کے خلاف قانون کیا کارروائی کرتا ہے۔ کرپشن کے خلاف بلاامتیاز کارروائی اور شفاف تحقیقات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔

محمد حمزہ کے والد کی روح کے ایصالِ ثواب کیلئے قل خوانی ادا کی گئی

علماء کرام نے مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لیے قرآن خوانی اور دعا کی جبکہ شرکا نے لواحقین سے اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے صبر و استقامت کی دعا کی۔



رکن پور (نمائندہ خصوصی) محمد عابد مرحوم جو طالب حسین خالطی، صادق حسین خالطی اور لیاقت علی کے بھائی، جام خورشید احمد خالطی کے بہنوئی اور محمد حمزہ کے والد محترم جو گزشتہ روز وفات پا گئے تھے، ان کی روح کے ایصالِ ثواب کیلئے قل خوانی کی گئی جس میں علما کرام، معززینِ علاقہ، عزیز و اقارب اور دوست احباب نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر خصوصی طور پر حضرت مولانا محمد سلمان گل محمدی لیاقت پور حضرت مولانا قاری محمد یوسف خالدی سعیدی حافظ محمد یعقوب خالدی قاری جمشید خالدی حافظ طالب حسین خالد سردار جام نثار شفیق احمد خالدی عبدالقادر خالدی میاں تنویر احمد میاں نعمان اور دیگر دوست احباب موجود تھے۔ علماء کرام نے مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لیے قرآن خوانی اور دعا کی جبکہ شرکا نے لواحقین سے اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے صبر و استقامت کی دعا کی۔

تعلیمی اداروں کو 7 روز میں بلڈنگ فٹنس سرٹیفکیٹس جمع کروانے کی ہدایت جاری

لودھراں ضلع سے زیادہ سے زیادہ طلبا و طالبات کی گیمز میں رجسٹریشن ضرور کروائی جائے



لودھراں (چوہدری منیر سے) حکومت پنجاب کی ہدایات پر تعلیمی اداروں کے بلڈنگ فٹنس سرٹیفکیٹس پر فوکس، ضلع لودھراں کے سرکاری و نجی، پیف اور پیما کے تعلیمی ادارے 7 روز میں بلڈنگ فٹنس سرٹیفکیٹس جمع کروانے کے پابند ہیں۔ ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد اشرف کی زیر صدارت بلڈنگ فٹنس سرٹیفکیٹ بارے اہم اجلاس کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں سی ای او ایجوکیشن اسرار الحق، ڈی ای او ڈاکٹر نعیم، ڈی ایس او ساجد محمود، سی او ایم سی عمر مختار، ایکسین رانا محمد محسن نون، ایم او پی اوایس عمر، ضلعی صدر پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن آصف محمود بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد اشرف نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نئی نسل کے محفوظ مستقبل کیلئے تعلیمی اداروں کے بلڈنگ فٹنس سرٹیفکیٹس بہت ضروری ہیں، سرکاری و نجی، پیف اور پیما کے تعلیمی اداروں کے سربراہان بلڈنگ سرٹیفکیٹ اور بلڈنگ پلان ضرور جمع کروائیں، پی ایف سی پاکستان انجینئرنگ کونسل کے رجسٹرڈ انجینئرز اور فرموں سے تصدیق شدہ ہونے چاہئیں، ضلع بھر میں بلڈنگ فٹنس سرٹیفکیٹس کی چیکنگ کیلئے ٹیمیں متحرک ہوں گی، انہوں نے کہا کہ بلڈنگ پلان سے ہٹ کر تعمیر کردہ عمارتیں حادثات کا باعث بنتی ہیں، سی ای او کو تمام تعلیمی اداروں کے فٹنس سرٹیفکیٹس بارے روزانہ رپورٹ دی جائے، پنجاب سپورٹس گیمز میں رجسٹریشن کا ہدف ضرور پورا کیا جائے گا، لودھراں ضلع سے زیادہ سے زیادہ طلبا و طالبات کی گیمز میں رجسٹریشن ضرور کروائی جائے، میگا سپورٹس ایونٹ میں ہمارے طلبا کو اپنی صلاحیتیں آزمانے کے شاندار مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔

مسلم لیگ (ن) بلوچستان کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے پرعزم ہے، سارگل خلجی

ذرائع کے مطابق دونوں رہنماؤں کے درمیان تقریباً ایک گھنٹے تک ملاقات جاری رہی



کوئٹہ (بیورو چیف) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما اور معروف سیاسی و قبائلی شخصیت سارگل خلجی نے پارٹی کے مرکزی سینئر رہنما اور سابق صوبائی صدر سلیم ضیاء کی رہائش گاہ پر جا کر ان کی عیادت کی۔ ملاقات انتہائی خوشگوار اور دوستانہ ماحول میں ہوئی۔ سارگل خلجی نے سلیم ضیاء کی خیریت دریافت کی اور ان کی جلد صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ سلیم ضیاء نے سارگل خلجی کا شکریہ ادا کیا اور ان کی آمد کو پارٹی کے لیے نیک شگون قرار دیا۔ ذرائع کے مطابق دونوں رہنماؤں کے درمیان تقریباً ایک گھنٹے تک ملاقات جاری رہی، جس میں بلوچستان کی موجودہ سیاسی، تنظیمی اور امن و امان کی صورتحال پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ دونوں رہنماؤں کا کہنا تھا کہ بلوچستان پاکستان کا دل ہے اور یہاں امن کا قیام ناگزیر ہے۔ بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل، بے روزگاری، مہنگائی اور تعلیم و صحت کے مسائل پر بھی غور کیا گیا ملاقات میں مسلم لیگ (ن) کے دورِ حکومت میں بلوچستان میں شروع کیے گئے ترقیاتی منصوبوں اور آئندہ کے لائحہ عمل پر بھی تفصیلی مشاورت کی گئی۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ مسلم لیگ (ن) ہی وہ جماعت ہے جس نے ہمیشہ بلوچستان کی ترقی کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں۔ سارگل خلجی نے اس موقع پر کہا کہ میاں نواز شریف اور شہباز شریف کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) بلوچستان کی ترقی کے لیے پرعزم ہے۔ ہماری جماعت صوبے میں تعلیم، صحت اور روزگار کے انقلاب لانا چاہتی ہے۔ دونوں رہنماؤں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پارٹی کو بلوچستان کے ہر ضلع، ہر تحصیل اور ہر گاؤں تک مضبوط اور فعال بنایا جائے گا۔ کارکنوں کو متحد کیا جائے گا اور نوجوانوں کو مسلم لیگ (ن) کے پلیٹ فارم پر لایا جائے گا۔ آخر میں دونوں رہنماؤں نے ایک دوسرے کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور اس عہد کے ساتھ ملاقات کا اختتام ہوا کہ بلوچستان کی تعمیر و ترقی اور عوام کی خدمت کا سفر جاری رکھا جائے گا۔

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرائس اسسمنٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا

اجلاس میں چک نمبر 247 ای بی اور 187 ای بی بوریوالا میں ڈسپوزل ورکس کے لیے اراضی خریدنے کے لیے مالیت کا تعین کیا گیا



بوریوالا (محمد نعیم سے) ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرائس اسسمنٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں چک نمبر 247 ای بی اور 187 ای بی بوریوالا میں ڈسپوزل ورکس کے لیے اراضی خریدنے کے لیے مالیت کا تعین کیا گیا ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے کہا کہ ڈسپوزل ورکس نکاسی آب کے مؤثر نظام میں اہم کردار ادا کرتے ہیں ڈسپوزل ورکس کی فعالیت سے سیوریج اور بارش کے پانی کی بروقت نکاسی ممکن ہوتی ہے نکاسی آب کے نظام کی بہتری شہریوں کو پانی کی نکاسی کے مسائل سے بچانے کے لیے ضروری ہے اس موقع پر اے ڈی سی ریونیو صابر، ایس ڈی او بلڈنگ ہادیہ علی، ای ای او وائے بشیر احمد کھرل، اے ڈی پی (پی ڈی پی) عابد منظور ملتانی اور دیگر افسران موجود تھے اے سی بوریوالا جواد حسین ملک بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شریک ہوئے۔

اسسٹنٹ کمشنر کھاریاں احمد شیر گوندل کی قیادت میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا

اور مختلف حلقوں کے پٹواریوں کو انکے مسائل حل کرنے کی ہدایات جاری کیں اور آنے والے سائلین کو یقین دہانی کرائی



کھاریاں (محفوظ احمد بٹ) اسسٹنٹ کمشنر کھاریاں احمد شیر گوندل کی قیادت میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو گجرات احمد ہارون کی کھلی کچہری کھاریاں میں آمد پر اسسٹنٹ کمشنر کھاریاں احمد شیر گوندل تحصیلدار سب رجسٹرار محمد شعبان گجر ریڈر اے سی کھاریاں عامر رضوان حافظ عامر بٹ نائب تحصیلدار ارشد اقبال گوندل محمد شہزاد نائب تحصیلداران اور دیگر تحصیل کھاریاں کے پٹواریوں نے شاندار ویلکم کیا ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر احمد ہارون نے اس موقع پر اراضی ریونیو سینٹر کھاریاں کا دورہ بھی کیا کھلی کچہری کھاریاں میں تمام آنے والے سائلین کے مسائلوں کو سنا اور مختلف حلقوں کے پٹواریوں کو انکے مسائل حل کرنے کی ہدایات جاری کیے اور آنے والے سائلین کو یقین دہانی کرائی۔ آخر پر اسسٹنٹ کمشنر کھاریاں احمد شیر گوندل نے شاندار الفاظ میں رخصت کیا اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر احمد ہارون کا شکریہ بھی ادا کیا اس موقع پر موجود سینئر صحافی محفوظ احمد بٹ نے بھی ملاقات کی اور کھاریاں کی اور ایشوز پر بات چیت کی۔

محکمہ وائلڈ لائف کی نااہلی مضافاتی چکوک میں بٹیر کا غیر قانونی شکار جاری

گگومنڈی اور اس کے مضافاتی چکوک میں بڑے پیمانے پر شکار کی وجہ سے جنگلی بٹیر کی نسل ناپید ہونے کا اندیشہ

گگومنڈی (نمائندہ خصوصی) محکمہ وائلڈ لائف کی نااہلی، بٹیر کا غیر قانونی شکار جاری۔ گگومنڈی اور اس کے مضافاتی چکوک میں بڑے پیمانے پر شکار کی وجہ سے جنگلی بٹیر کی نسل ناپید ہونے کا اندیشہ۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ وائلڈ لائف کے افسران کی نااہلی کی وجہ سے گگومنڈی، شاہ جیونہ، رسول پور، 5-245 ای بی، 227 ای بی، 239 ای بی، جلیلہ، ساہوکا، شیخ فاضل میں کھلے عام جنگلی بٹیر کے غیر قانونی شکار کا سلسلہ جاری ہے مقامی حلقوں کا کہنا تھا کہ محکمہ وائلڈ لائف کی عدم توجہی کی وجہ سے جنگلی بٹیر کا بڑے پیمانے پر غیر قانونی شکار ہونے سے جنگلی بٹیر کی نسل ختم ہو جانے کا اندیشہ ہے شہریوں نے ڈپٹی کمشنر وہاڑی اور محکمہ وائلڈ لائف کے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

KL20 کانفرنس میں چوہدری نثار احمد خان کی شرکت، ملائیشیا کے تین اہم وزرا سے ملاقاتیں

اس موقع پر پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے، دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری، جدید ٹیکنالوجی اور کاروباری تعاون کے فروغ کی اہمیت اجاگر کی گئی۔



کوالالمپور (بیورو چیف) پاکستان مسلم لیگ (ن) ملائیشیا چیپٹر کے صدر اور پاک ملائیشیا بزنس ایسوسی ایشن کے صدر چوہدری نثار احمد خان نے کوالالمپور میں منعقدہ KL20 کانفرنس میں شرکت کی، جہاں ان کی ملائیشیا کے وزیر معیشت یوب رنگ اکمل نصراللہ بن محمد ناصر، نائب وزیر خزانہ لیوچن تونگ اور وزیر سائنس، ٹیکنالوجی و جدت داتوک چانگ لیہ کانگ سے ملاقاتیں ہوئیں۔ اس موقع پر پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے، دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری، جدید ٹیکنالوجی اور کاروباری تعاون کے فروغ کی اہمیت اجاگر کی گئی۔ چوہدری نثار احمد خان نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان مضبوط کاروباری روابط دونوں ممالک کے سرمایہ کاروں اور کاروباری برادری کے لیے نئے مواقع پیدا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے KL20 جیسے بین الاقوامی فورمز کو اقتصادی تعاون، جدت اور کاروباری شراکت داری کے فروغ کے لیے اہم قرار دیا۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی اور تجارتی روابط میں مزید وسعت پیدا ہوگی اور پاکستانی کاروباری برادری ملائیشیا کے ساتھ تعاون کے نئے مواقع سے فائدہ اٹھا سکے گی۔

پنجاب کی تعمیر و ترقی میاں نواز شریف اور میری اولین ترجیحات میں شامل ہے

اس کے لئے میں دن رات محنت کر رہی ہوں تاکہ پنجاب ترقی کرے اور عوام خوشحال ہو سکے۔



ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) پنجاب کی تعمیر و ترقی میاں نواز شریف اور میری اولین ترجیحات میں شامل ہے اس کے لئے میں دن رات محنت کر رہی ہوں تاکہ پنجاب ترقی کرے اور عوام خوشحال ہو سکے۔ ساہیوال آ کر مجھے خوشی ہوئی ساہیوال میرا دوسرا گھر ہے اور میرے والد کے دیرینہ ساتھی بزرگ سیاستدان الحاج ملک محمد رمضان اور ان کے بیٹے خادم ساہیوال محمد ارشد ملک ایم پی اے اور اب ان کی تیسری نسل علی رمضان ملک مسلم لیگ کا اثاثہ ہیں میں ان کے گھر بھی جا چکی ہوں ان کا خاندان میاں نواز شریف سے بہت محبت کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز صاحبہ نے اپنے دورہ ساہیوال کے دوران صدر بازار ساہیوال میں افتتاح کے موقع پر کیا جہاں محمد ارشد ملک ایم پی اے ساہیوال اور ان کے بیٹے علی رمضان ملک نے وزیر اعلیٰ کا استقبال کیا اس موقع پر وزیر علی نے کہا کہ ساہیوال کی عوام کی مشکور ہوں اور میری کوشش ہے کہ پنجاب کے تمام شہروں میں عوام کی بنیادی سہولتیں ان کی دہلیز تک پہنچاؤں تاکہ ان کو کوئی تکلیف نہ ہو۔ انشاء اللہ آنے والے دنوں میں عوام کو مزید سہولیات مہیا کی جائیں گی اور مہنگائی اور بیروزگاری پر قابو پا لیا جائیگا اور عوام خوشحالی کی طرف گامزن ہوگی۔

شہدا کی قربانیاں ہماری سیاسی تاریخ کا ناقابلِ فراموش باب ہیں شیخ یاسر روف

سانحہ کارساز میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے 177 شہدا کی یادوں کی شمع ہمارے دلوں میں آج بھی روشن ہے



ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) پاکستان پیپلز پارٹی کے سٹی صدر شیخ یاسر روف نے کہا ہے کہ سانحہ کارساز میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے 177 شہدا کی یادوں کی شمع ہمارے دلوں میں آج بھی روشن ہے، ہم انہیں نہ بھولے ہیں اور نہ ہی کبھی بھول سکتے ہیں۔ شہدا کی قربانیاں ہماری سیاسی تاریخ کا ناقابلِ فراموش باب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ کارساز ایک المناک واقعہ ہے جس نے جمہوریت پسند قوتوں کو گہرے دکھ سے دوچار کیا۔ اس سانحے میں اپنی جانیں قربان کرنے والے کارکنوں نے وفاداری، استقامت اور نظریاتی وابستگی کی لازوال مثال قائم کی۔ ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور ان کی جدوجہد آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ رہے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی تاریخ جمہوریت کی بحالی، آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے دی جانے والی قربانیوں سے عبارت ہے۔ پارٹی کارکنوں نے ہر دور میں ثابت قدمی کا مظاہرہ کیا اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھی۔ سانحہ کارساز کے شہدا کی قربانیاں اسی جدوجہد کا روشن حصہ ہیں۔

پولیس تھانہ شیخ فاضل نے سالہ گمشدہ بچے معید جہانگیر کو تلاش کر کے بحفاظت اس کے ورثا کے حوالے کردیا

3 سالہ معید جہانگیر گھر سے لاپتہ ہوگیا تھا، جس پر اہلِ خانہ شدید پریشانی کا شکار ہوگئے اور پولیس کو اطلاع دی



گگومنڈی (نامہ نگار) پولیس تھانہ شیخ فاضل کی ٹیم نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے 3 سالہ گمشدہ بچے معید جہانگیر کو تلاش کر کے بحفاظت اس کے ورثا کے حوالے کر دیا تفصیلات کے مطابق 3 سالہ معید جہانگیر گھر سے لاپتہ ہوگیا تھا، جس پر اہلِ خانہ شدید پریشانی کا شکار ہوگئے اور پولیس کو اطلاع دی۔ وقوعہ کا مقدمہ نمبر 530/26 درج کر کے تھانہ شیخ فاضل کی ٹیم نے بچے کی تلاش کے لیے فوری کارروائی کا آغاز کیا۔ پولیس ٹیم نے سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد، روٹ سرچنگ اور ہیومن انٹیلی جنس کو بروئے کار لاتے ہوئے رات گئے سے صبح تک بچے کی تلاش جاری رکھی۔ تقریباً 12 گھنٹے کی مسلسل محنت اور پیشہ ورانہ کاوشوں کے نتیجے میں بچے کو بحفاظت تلاش کر لیا گیا۔ ایس ایچ او تھانہ شیخ فاضل محمد آصف نے بچے کو اس کے ورثا کے حوالے کر دیا بچے کی بحفاظت واپسی پر اہلِ خانہ نے خوشی اور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے وہاڑی پولیس کی بروقت کارروائی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا

گگومنڈی پولیس نے منشیات فروش گرفتار کر کے دو کلو ہیروئن برآمد کرلی

ایچ او حسن آفتاب کیانی نے مزید کہا کہ منشیات فروش معاشرے کا ناسور ہیں، جو نوجوان نسل کا مستقبل تباہ کرنے کا سبب بن رہے ہیں



گگومنڈی (نامہ نگار) تھانہ گگومنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے مبینہ منشیات فروش کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 2 کلو ہیروئن برآمد کرلی۔ منشیات فروش معاشرے کا ناسور ہیں، نوجوان نسل کو تباہ کرنے والے ایسے عناصر کے خلاف پولیس کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ ان خیالات کا اظہار ایس ایچ او تھانہ گگومنڈی حسن آفتاب کیانی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ گگومنڈی حسن آفتاب کیانی کو مخبر کے ذریعے اطلاع ملی کہ علاقہ کا مبینہ منشیات فروش ظہیر ولد فلک شیر، سکنہ چک نمبر 277 ای بی، جملیرا روڈ پر منشیات سپلائی کرنے جا رہا ہے۔ اطلاع ملنے پر ایس ایچ او کی ہدایت پر چوکی انچارج تاج پورہ سب انسپکٹر محمد انور نے ہمراہ کانسٹیبلان محمد افضل، عدنان سرفراز اور ظہیر عباس کارروائی کرتے ہوئے چک نمبر 285 ای بی کے قریب مبینہ منشیات فروش ظہیر کو گرفتار کر لیا اور اس کے قبضے سے 2 کلو ہیروئن برآمد کرلی۔ ایس ایچ او حسن آفتاب کیانی نے مزید کہا کہ منشیات فروش معاشرے کا ناسور ہیں، جو نوجوان نسل کا مستقبل تباہ کرنے کا سبب بن رہے ہیں۔ ایسے عناصر کے خلاف پولیس کی کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی تاکہ معاشرے کو منشیات جیسی لعنت سے پاک کیا جا سکے۔

گگومنڈی تجاوزات کے خلاف آپریشن مین بازار تک محدود لاہور ملتان روڈ بھی واگزار کرانے کا مطالبہ

انہوں نے مطالبہ کیا کہ گگومنڈی کی مرکزی شاہراہ کو تجاوزات سے پاک کرنے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں



گگومنڈی (نامہ نگار) پیرافورس اور ضلع کونسل کی جانب سے گگومنڈی میں تجاوزات کے خلاف جاری کارروائی پر شہریوں نے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آپریشن کا دائرہ کار مین بازار تک محدود دکھائی دیتا ہے، جبکہ شہر کی اہم شاہراہ لاہور ملتان روڈ کے دونوں اطراف مبینہ تجاوزات کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہو رہی ہے۔ شہریوں کے مطابق مین بازار میں تجاوزات کے خاتمے کے لیے انتظامیہ کی کارروائی ایک مثبت قدم ہے، تاہم شہر کی مرکزی شاہراہ پر بھی خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے، جہاں سڑک کے کناروں، فٹ پاتھوں اور سرکاری جگہوں پر سامان، ریڑھیوں اور دیگر رکاوٹوں کی موجودگی سے ٹریفک کی روانی میں مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سڑک پر بڑھتی ہوئی رکاوٹیں نہ صرف آمد و رفت میں دشواری کا سبب بن رہی ہیں بلکہ حادثات کے خدشات میں بھی اضافہ کر رہی ہیں۔ عوامی حلقوں نے سوال اٹھایا ہے کہ اگر تجاوزات کے خلاف کارروائی کا مقصد شہر کو کشادہ، صاف اور ٹریفک کے مسائل سے پاک بنانا ہے تو پھر لاہور ملتان روڈ کو بھی آپریشن میں شامل کیوں نہیں کیا جا رہا؟ شہریوں کا کہنا ہے کہ کارروائی کسی ایک بازار یا مخصوص طبقے تک محدود رکھنے کے بجائے تمام علاقوں میں یکساں طور پر کی جانی چاہیے تاکہ قانون کی عملداری یقینی بنائی جا سکے۔ شہریوں نے متعلقہ حکام کی توجہ اس جانب بھی مبذول کرائی ہے کہ تجاوزات کے خاتمے کے لیے صرف عارضی کارروائی کافی نہیں، بلکہ مستقل نگرانی اور دوبارہ قبضے کرنے والوں کے خلاف قانونی اقدامات بھی ضروری ہیں۔ ان کے مطابق اگر سرکاری جگہوں کو واگزار کرانے کے بعد نگرانی کا مؤثر نظام قائم نہ کیا گیا تو تجاوزات دوبارہ قائم ہونے کا خدشہ برقرار رہے گا۔ عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر وہاڑی، اسسٹنٹ کمشنر اور ضلع کونسل کے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ مین بازار کے ساتھ لاہور ملتان روڈ کا بھی مکمل جائزہ لیا جائے، سرکاری حدود کی نشاندہی کر کے غیر قانونی تجاوزات ختم کرائی جائیں اور ٹریفک میں رکاوٹ بننے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ تجاوزات کے خلاف مؤثر آپریشن وقت کی اہم ضرورت ہے، تاہم اس کی کامیابی اسی صورت ممکن ہے جب کارروائی تمام علاقوں میں یکساں انداز میں کی جائے انہوں نے مطالبہ کیا کہ گگومنڈی کی مرکزی شاہراہ کو تجاوزات سے پاک کرنے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں

شیر گڑھ میں ناقص سیوریج سسٹم شہریوں کے لیے وبال جان بن گیا

شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ بدبودار پانی کے باعث علاقے میں تعفن پھیل رہا ہے

شیر گڑھ (نامہ نگار) شیر گڑھ میں ناقص سیوریج سسٹم شہریوں کے لیے وبال جان بن گیا، گٹروں کا گندا پانی سڑکوں اور گلیوں میں جمع ہونے سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ بدبودار پانی کے باعث علاقے میں تعفن پھیل رہا ہے، جس سے نہ صرف آمد و رفت متاثر ہو رہی ہے بلکہ شہریوں کی صحت کو بھی خطرات لاحق ہیں۔ اہلِ علاقہ نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ سیوریج کے نظام کی فوری مرمت اور نکاسی آب کے لیے ہنگامی اقدامات کیے جائیں تاکہ شہریوں کو اس اذیت ناک صورتحال سے نجات مل سکے۔ شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ سے اپیل کی ہے کہ شیر گڑھ کے سیوریج کے دیرینہ مسئلے کا فوری نوٹس لے کر عملی اقدامات کیے جائیں

چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جسٹس عالیہ نیلم کی وہاڑی آمد

تقریب میں ممبر پنجاب بار سلمان یوسف گھن، سیشن جج وہاڑی محمد عباس اور بار کے دیگر معزز ممبران نے شرکت



بورے والا (صادق جانباز) چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جسٹس عالیہ نیلم کی وہاڑی آمد، بورے والا بار ایسوسی ایشن کی جانب سے اعزازی شیلڈ پیش چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جسٹس عالیہ نیلم کی وہاڑی آمد کے موقع پر بورے والا بار ایسوسی ایشن کے صدر رانا الطاف حسین خان ایڈووکیٹ اور جنرل سیکرٹری علی جاوید گجر ایڈووکیٹ نے بورے والا بار ایسوسی ایشن کی جانب سے انہیں اعزازی شیلڈ پیش کی۔ تقریب میں ممبر پنجاب بار سلمان یوسف گھن، سیشن جج وہاڑی محمد عباس اور بار کے دیگر معزز ممبران نے شرکت کی۔ اس موقع پر وکلا برادری کی نمائندگی کرتے ہوئے صدر بار رانا الطاف حسین خان اور جنرل سیکرٹری علی جاوید گجر نے چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جسٹس عالیہ نیلم کو اعزازی شیلڈ پیش کر کے ان کے اعزاز میں نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔